یش دیال کی یوپی ٹیم میں واپسی

بانی صوفی غلام محمد

سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 277 | صفحات : 08 | ۸ اکتوبر ۲۰۲۶ء بروز جمعرات | Thursday 08th October 2026 | جلد نمبر 58

کوہلی کیمپ نے دعوئی کو مسترد کیا



"گندن" راجباغ میں 30.35 کروڑ روپے کی لاگت سے کھیل سہولیات کا افتتاح

سرینگر/وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گندن راجباغ میں واقع ... 30.35 کروڑ روپے کے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کا افتتاح کیا... (مکمل تفصیلات صفحہ 8 پر)



25 سال میری عوامی خدمات کی زندہ مثال/ وزیر اعظم مودی

ہندستان کو عالمی مینوفیکچرنگ کا مرکز بنانے کے عزم کا اعلان

ملک کے 140 کروڑ عوام مل کر 2047ء کا وکست بھارت ضرور بنانے کا عہد

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات اور مرکزی حکومت کے سربراہ کے طور پر 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر بدھ کے روز کہا کہ یہ سفر ان کے لیے ذاتی تشہیر کا موقع نہیں، بلکہ ملک کے لیے نئے عزم اور نئی توانائی کے ساتھ آگے بڑھنے کا موقع ہے۔ مسٹر مودی نے حکومت کے سربراہ کے طور پر مسلسل 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر یہاں 'وکست بھارت سنکلپ سبھا' میں 2047 تک وکست بھارت بنانے، آتم نربھر بھارت کی تعمیر اور ہندستان کو عالمی مینوفیکچرنگ کا مرکز بنانے کے عزم کو دہراتے ہوئے کہا، "ہم کر کے رہیں گے۔۔۔۔وی ول ڈو اٹ"۔ "وزیر اعظم کے ساتھ موجود لوگوں نے بھی اس نعرے کو دہرایا۔ انہوں نے کہا کہ ہندستان کے 140 کروڑ عوام مل کر 2047 کا وکست بھارت ضرور بنائیں گے اور ملک اب رکنے والا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ 7 اکتوبر 2001 کو جب انہوں نے گجرات کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا تھا، تب انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ حکومت کے سربراہ کے طور پر مسلسل 25 سال مکمل کرنے کا موقع بھی آئے گا۔ انہوں نے اس طویل سفر کو عوام کے اعتماد، دعاؤں اور تعاون کا نتیجہ قرار دیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ زندگی میں ان کے ساتھ کھڑے ہونے والے ہر شخص نے انہیں اعتماد کی طاقت دی۔ جس نے انہیں جیت دلائی، اس نے عاجزی سکھائی اور جس نے گرایا، اس نے پھر سے کھڑے ہو کر آگے بڑھنا سکھایا۔ خیر خواہوں نے حوصلہ افزائی کی، جبکہ تنقید کرنے والوں نے انہیں اپنے اندر جھانکنے کا موقع دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر بحران ان کے صبر کا امتحان رہا اور ہر کامیابی نے ان کے اندر ذمہ داری کے احساس کو مزید مضبوط کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ان کی زندگی کا کوئی واقعہ ضائع نہیں گیا۔ ہر واقعے نے انہیں کچھ نہ کچھ سکھایا۔ کورونا وبا نے انہیں قوم کی اہمیت اور اجتماعی طاقت کا شعور دیا، جبکہ دیہاتوں اور غریبوں نے سکھایا کہ وسائل محدود ہو سکتے ہیں لیکن خواب بڑے اور حوصلے بلند ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں سال کے ثقافتی تجربے والی قوم کی خدمت کرتے ہوئے انہیں کبھی اکیلا پن محسوس نہیں ہوا۔ انہوں نے ملک کے کروڑوں رضاکاروں اور کارکنوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا/2

مودی کے عوامی زندگی میں 25 سال مکمل، شری ونا یک مندر میں پوجا ارچنا کی

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے وزیر اعلیٰ اور ملک کے وزیر اعظم کے طور پر حکومت کے سربراہ کی شکل میں 25 سال مکمل ہونے پر بدھ کے روز یہاں شری ونا یک مندر میں پوجا ارچنا کی اور ملک کی خوشحالی کے لیے دعا کی۔ مسٹر مودی آج صبح سب سے پہلے قومی دارالحکومت کے سروجنی نگر میں واقع شری ونا یک مندر پہنچے اور انہوں نے وگھن ہرتا کی پوجا ارچنا کی۔ مسٹر مودی نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں لکھا، "آج نئی دہلی کے شری ونا یک مندر میں پوجا ارچنا کی۔ بھگوان شری گنیش سے ملک بھر کے اپنے اہل خانہ کی خوشی، خوشحالی اور بہترین صحت کی خواہش کی۔ وگھن ہرتا کی کرپا سے سب کا بھلا ہو اور ملک مسلسل ترقی کی راہ پر آگے بڑھتا رہے۔" قابل ذکر ہے کہ مسٹر مودی 7 اکتوبر 2001 کو گجرات کے وزیر اعلیٰ بنے تھے/1

ڈاکٹر فاروق سے مشورہ کے بعد کابینہ میں توسیع ہوگی/ عمر عبداللہ

کچھ تبادلے منتخب حکومت کی جانب سے کیے گئے، بعض تبدیلیاں اور تقرریاں لیفٹیننٹ گورنر کی جانب سے

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ وزارتی کونسل میں توسیع کے بارے میں فیصلہ ان کے دہلی سے واپسی اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ سے مشاورت کے بعد متوقع ہونے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کابینہ میں ضرور توسیع کی جائے گی اور اس معاملے کو احسن طریقے سے پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ سرینگر میں ایک تقریب کے موقعہ پر ذرائع ابلاغ سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جی ایس کونسل کے اجلاس کے بعد اور پارٹی کے صدر سے مشاورت کے بعد کابینہ میں توسیع کے معاملے پر فیصلہ کیا جائے گا۔ حالیہ انتظامی تبدیلیوں کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کچھ تبادلے منتخب حکومت کی جانب سے کیے گئے ہیں جبکہ بعض تبدیلیاں اور تقرریاں لیفٹیننٹ گورنر کی جانب سے کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مختلف محکموں میں تعینات افسران کے/3

شیخ نورالدینؒ کے عرس کی چھٹی اب 9 اکتوبر جمعہ کو ہوگی

سرینگر/ جموں وکشمیر حکومت نے شیخ نورالدینؒ کے عرس کے سلسلے میں کشمیر میں ہونے والی صوبائی سطح کی چھٹی کو ایک دن ملتوی کر دیا ہے؛ اب یہ چھٹی جمعرات، 8 اکتوبر کے بجائے جمعہ، 9 اکتوبر کو ہوگی۔ محکمہ جنرل ایڈمنسٹریشن (GAD) نے بدھ کے روز حکومتی حکم نامہ نمبر (GAD)JK-1356 جاری کیا/4

ڈویژنل کمشنر جموں سمیت 8 اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو تبدیل کر دیا گیا

بشارت قیوم کو کمشنر سری نگر میونسپل کارپوریشن مقرر کیا گیا ہے

ممتا یادو کو ڈائریکٹر محکمہ اطلاعات مقرر کیا گیا ہے

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے انتظامیہ میں بڑے پیمانے پر ردوبدل کے احکامات صادر کیے۔ 149 افسران کے تبادلے اور تقرریوں کے احکامات جاری کیے۔ اہم تبادلوں میں وکاس کنڈل کو رمیش کمار کی جگہ نیا ڈویژنل کمشنر جموں تعینات کیا گیا ہے۔ 2013 بیچ کے اے جی ایم یو ٹی کیڈر کے افسر وکاس کنڈل اس سے پہلے چیئرمین جموں وکشمیر سروس سلیکشن بورڈ پر تعینات تھے۔ انہیں جموں میٹرو پولیٹن ریجنل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ایڈیشنل چیف ایگزیکٹو چیف آفیسر کا اضافہ چارج بھی دیا گیا۔ رمیش کمار ڈویژنل کمشنر جموں کے عہدے سے منتقل کر کے حکومت کے محکمہ دیہی ترقی و پنچایتی راج کا سیکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ وہ مئی 2022 سے ڈویژنل کمشنر جموں کے عہدے پر فائز تھے۔ انہیں محکمہ ثقافت کے انتظامی سیکریٹری کا اضافہ چارج بھی دے دیا گیا جبکہ نئی دہلی میں جموں وکشمیر حکومت کے ریذیڈنٹ کمشنر کی ذمہ داری بھی انجام دیتے رہیں گے۔ راکیش منہاس کو ڈپٹی کمشنر جموں کے عہدے سے منتقل کر کے ان کی جگہ مکا ثریا کو تعینات کیا گیا ہے، جو اس سے قبل/5

مختلف وفود کے سرکردہ لیڈروں کے ساتھ لیفٹیننٹ گورنر کی ملاقاتیں

پشمینہ، ہینڈلوم اور شاردا مندر کے حوالے سے تبادلہ خیالات

سرینگر/ چیئرمین 'سیو شاردا کمیٹی' اور صدر 'آل انڈیا کشمیری سماج' رویندر پنڈتا نے آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی اور کپواڑہ میں لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے ساتھ ٹیٹوال میں واقع 'ماں شاردا مندر' کی ترقی سے متعلق اہم مسائل پیش کیے۔ اس موقعہ پر شری مہادیو تھوسو بھی ان کے ہمراہ تھے۔ رویندر پنڈتا نے سرحدی اور مذہبی سیاحت کے فروغ، یاتریوں کی سہولیات میں اضافہ بشمول ٹیٹوال میں یاتری نواس قائم کرنے کے حوالے سے بھی بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ شاردا مندر میں آنے والے یاتریوں کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اور اس برس یاتریوں کی تعداد 10,000 کو عبور کر گئی ہے۔ صدر پشمینہ اکثر پرینیورز مینکرز اینڈ آرٹیزنز (پی ای ایم اے) کا وفد چیئرمین طارق ڈار کی قیادت میں/6

10 اکتوبر اور 11 اکتوبر کو 2 روزہ خصوصی اور بھرپور ووٹر اندراج مہم

چیف الیکٹورل آفیسر کا فارم 6، 7 اور 8 جمع کروانے میں شہریوں کی مدد کرنے کا اعلان

سرینگر/ جے کے این ایس/ اس بات کو یقینی بنانے کے مقصد سے کہ کوئی بھی اہل ووٹر اندراج سے محروم نہ رہے، چیف الیکٹورل آفیسر جموں وکشمیر سنجیو ورما نے بدھ کو پوری یونین ٹیریٹری میں 10 اکتوبر (ہفتہ) اور 11 اکتوبر (اتوار) کو 2 روزہ خصوصی اور بھرپور ووٹر اندراج مہم کا اعلان کیا۔ یہ مہم ویک اینڈ پر ووٹروں کی سہولت کے لیے شروع کیے جانے والے ایک باقاعدہ اقدام کا حصہ ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق چیف الیکٹورل آفیسر سنجیو ورما نے کہا کہ یہ خصوصی مہم جموں وکشمیر بھر کے تمام پولنگ اسٹیشنوں پر دونوں دن صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک چلائی جائے گی، جس سے اہل شہریوں کو ووٹر کے طور پر اندراج کروانے اور اپنی انتخابی تفصیلات کو اپ ڈیٹ یا درست کرنے کا آسان موقع ملے گا۔ اس مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے اور انہیں حتمی شکل دینے کے لیے چیف الیکٹورل آفیسر سنجیو ورما کی صدارت میں ضلعی الیکشن افسران، الیکٹورل رجسٹریشن افسران اور اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن افسران کے ساتھ منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران یہ اعلان کیا گیا۔ سنجیو ورما نے انتخابی عملے کو ہدایت کی کہ وہ وسیع پیمانے پر عوامی رابطے اور موثر سہولت کاری/7

ہندوارہ کے مضافاتی علاقہ میں پولیس وفورسز نے مشترکہ کارروائی

ملی ٹنٹوں کی کمین گاہ کو تباہ کرتے ہوئے بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد

سرینگر/ اے پی آئی/ شمالی کشمیر ہندوارہ کے مضافاتی علاقہ میں پولیس وفورسز نے مشترکہ کارروائی کے دوران ملی ٹنٹوں کی کمین گاہ کو تباہ کرتے ہوئے بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے کا دعویٰ کیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق شمالی کشمیر ہندوارہ کے مضافاتی علاقہ میں 21 آر آر اور 92 بٹالین سی آر پی ایف، جموں وکشمیر پولیس نے نا گندہ اور جنگلاتی علاقے میں مشترکہ کارروائی کے دوران ملی ٹنٹوں کی کمین گاہ کو ڈھونڈ نکالا جس کے دوران کمین گاہ سے اے کے 47 رائفل، 3 دستی بم، 1875 اے کے راؤنڈس 192 پیکا راؤنڈس/8

وادی بھر میں ناقابل اعتبار موسم، سرینگر میں دھوپ چھاؤں

گلمرگ اور زوجیلا، میں تازہ برفباری ریکارڈ کی گئی/ ماہرین موسم

سرینگر/ جے کے این ایس/ جموں وکشمیر کے مختلف علاقوں میں موسم کی صورتحال ایک بار پھر غیر مستحکم ہوگئی ہے، جہاں بعض علاقوں میں بارش اور ژالہ باری ہوئی، جبکہ وادی کشمیر کے بالائی علاقوں، بشمول گلمرگ اور زوجیلا، میں تازہ برفباری ریکارڈ کی گئی۔ جے کے این ایس کو ملی اطلاعات کے مطابق راجوری ضلع کے کئی علاقوں میں منگل کی شب شدید ژالہ باری ہوئی، جس کے نتیجے میں سڑکوں اور کھلے مقامات پر اولے جمع ہوگئے۔ ادھر وادی کشمیر کے بالائی علاقوں میں بھی تازہ برفباری ہوئی۔ افرواٹ گلمرگ کے علاقے اور زوجیلا کی جانب برفباری کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، جبکہ نشیبی علاقوں میں بارش اور بوندا باندی کا سلسلہ جاری رہا۔ علاقائی موسمیاتی مرکز سری نگر کے مطابق موجودہ موسمی صورتحال کے دوران بعض/11

نیم شب کو قاضی محلہ اننت ناگ میں آگ لگنے سے نصف درجن مکان خاکستر

آگ پر قابو پانے کی کوشش کے دوران ایک فائر فائٹر اور دو مقامی افراد زخمی ہو گئے

اننت ناگ/ جے کے این ایس/ جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ کے قاضی محلہ علاقے میں 6 اور 7 اکتوبر کی درمیانی شب لگنے والی زبردست آگ کے نتیجے میں 6 رہائشی مکانات خاکستر ہوئے، جبکہ آگ بجھانے کی کارروائی کے دوران فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کا ایک اہلکار اور 2 مقامی افراد زخمی ہوگئے۔ جے کے این ایس کو ملی تفصیلات کے مطابق آگ تقریباً رات 2 بجے ایک رہائشی مکان سے شروع ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے نزدیکی دیگر مکانات کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا، جس کے نتیجے میں املاک کو کافی نقصان پہنچا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کی گاڑیاں موقع پر پہنچیں اور کئی گھنٹوں کی کوشش کے بعد آگ پر قابو پالیا۔ اہلکاروں نے آگ کو مزید مکانات تک پھیلنے سے روک دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ آگ کی اس ہولناک واردات کے نتیجے میں نصف درجن رہائشی مکانات اور ان کے اندر موجود گھریلو سامان خاکستر ہوگیا، جبکہ لاکھوں روپے مالیت کی املاک تباہ ہوگئی۔ آگ بجھانے کی کارروائی میں مدد کرنے والے 2 مقامی افراد اور ایک فائر فائٹر خالد بشیر زخمی ہوئے، جنہیں طبی علاج کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ واقعے میں رہائشی مکانات سمیت مجموعی طور پر 6 ڈھانچے متاثر ہوئے/9

مفت بجلی یوجنا' کے تحت شمسی توانائی سے متعلق پروگرام کی عمل آوری کا جائزہ

تنصیب کی رفتار کو متاثر کرنے والی رکاوٹوں کو دور کرنے کی چیف سیکریٹری کی ہدایت



سرینگر/ چیف سیکریٹری اٹل ڈولو نے جموں وکشمیر میں 'پی ایم سوریا گھر۔ مفت بجلی یوجنا' کے تحت شمسی توانائی سے متعلق پروگرام کی عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے رہائشی صارفین کے گھروں کی چھتوں پر سولر پینل کی تنصیب اور کیپکس اور آر ای ایس سی او ماڈل کے ذریعے سرکاری عمارتوں کو شمسی توانائی سے آراستہ کرنے کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری بجلی کے علاوہ کمشنر سیکریٹری سائنس وٹیکنالوجی، ایم ڈی جے پی ڈی سی ایل اور کے پی ڈی سی ایل، چیف انجینئروں، سی ای او، جے اے کے ای ڈی اے اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ ضلع ترقیاتی کمشنروں نے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ میٹنگ میں حصہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ تنصیب کی رفتار کو متاثر کرنے والی رکاوٹوں کو دور کریں۔ انہوں نے بالخصوص بینک فائنانسنگ، وینڈرز کی دستیابی و تقسیم، میٹرنگ اور بجلی کی خریداری کے معاہدوں (پی پی ایز) پر فوری عمل درآمد پر توجہ مرکوز کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے بینک قرضوں کی مسترد ہونے کی بلند شرح کا نوٹس لیتے ہوئے ڈسکامز کو ہدایت دی کہ وہ مسترد شدہ قرض کے تمام معاملات متعلقہ بینکوں کے ساتھ اٹھائیں، مسترد ہونے کی وجوہات معلوم کریں/10

فوج نے پاکستانی مقبوضہ کشمیر کی

لڑکی کو چکن دا باغ کے راستے واپس بھیجا

جموں/ یو این آئی/ ہندوستانی فوج نے بدھ کو جموں وکشمیر کے پونچھ ضلع میں چکن دا باغ کراسنگ پوائنٹ کے ذریعے پاکستانی مقبوضہ جموں وکشمیر کی ایک لڑکی کو واپس بھیج دیا۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ کوٹلی ضلع کے تحصیل کھوئی رٹہ کے جلس گالا، سیری کی رہائشی سمیہ عظیم کو فوج نے 2 اکتوبر کو لام سیکٹر میں حراست میں لیا تھا۔ تمام قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد اسے بدھ کی صبح پونچھ ضلع کے چکن دا باغ کے راستے واپس بھیج دیا گیا۔

محبوبہ مفتی کا دورہ "شہر خاص"

مزار پر بڈشاہ کو خراج عقیدت

سرینگر/ پی ڈی پی کی صدر اور جموں وکشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے بدھ کے روز سری نگر کے 'شہر خاص' (اندرون شہر) کا دورہ کیا اور سلطان زین العابدین، جو 'بڈشاہ' کے نام سے مشہور ہیں، کے مزار پر خراج عقیدت پیش کیا۔ پارٹی کے سینئر رہنما نعیم اختر کے ہمراہ، وہ پرانے شہر کی تنگ گلیوں سے گزرتی ہوئی زینہ کدل میں واقع 15 ویں صدی کے اس/12

چیف سیکرٹری نے جموں وکشمیر میں گھروں اور سرکاری عمارتوں کو

شمسی توانائی سے آراستہ کرنے کی پیش رفت کا جائزہ لیا

سری نگر/ 07 اکتوبر// چیف سیکرٹری اٹل ڈولو نے آج جموں وکشمیر میں پی ایم سوریہ گھر۔ مفت بجلی یوجنا' کے تحت شمسی توانائی سے متعلق پروگرام کی عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے رہائشی صارفین کے گھروں کی چھتوں پر سولر پینل کی تنصیب اور کیپکس اور آر ای ایس سی او ماڈلز کے ذریعے سرکاری عمارتوں کو شمسی توانائی سے آراستہ کرنے کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری بجلی کے علاوہ کمشنر سیکرٹری سائنس وٹیکنالوجی، ایم ڈی جے پی ڈی سی ایل اور کے پی ڈی سی ایل، چیف انجینئروں، سی ای او، جے اے کے ای ڈی اے اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ ضلع ترقیاتی کمشنروں نے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ میٹنگ میں حصہ لیا۔ چیف سیکرٹری نے پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ تنصیب کی رفتار کو متاثر کرنے والی رکاوٹوں کو دور کریں۔ انہوں نے بالخصوص بینک فائنانسنگ، وینڈرز کی دستیابی وتقسیم، میٹرنگ اور بجلی کی خریداری کے معاہدوں (پی پی ایز) پر فوری عمل درآمد پر توجہ مرکوز کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے بینک قرضوں کی مسترد ہونے کی بلند شرح کا نوٹس لیتے ہوئے ڈسکامز کو ہدایت دی کہ وہ مسترد شدہ قرض کے تمام معاملات متعلقہ بینکوں کے ساتھ اُٹھائیں، مسترد ہونے کی وجوہات معلوم کریں اور مسائل کو فوری طور پر حل کریں تاکہ اہل صارفین۔۔۔/ 101

کلچرل اکیڈمی نے کشمیر یونیورسٹی کے

اِشتراک سے دوسالہ خطاطی کورس کا اِفتتاح کیا

سری نگر/ 07 اکتوبر// جموں وکشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لنگویجز (جے کے اے سی ایل) نے کشمیر یونیورسٹی کے اشتراک سے آج اکیڈمی کے سیمینار ہال لال منڈی سری نگر میں دوسالہ خطاطی کورس کا افتتاح کیا۔ سابق چیف ایڈیٹر (اردو) محمد اشرف ٹاک نے افتتاحی تقریب کی صدارت کی جبکہ کشمیر یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف میوزک اینڈ فائن آرٹس کے پرنسپل پروفیسر حبیب اللہ شاہ نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ ایوانِ صدارت میں سیکرٹری کلچرل اکیڈمی ہرویندر کور، ایڈیشنل سیکرٹری کشمیر عدیل سلیم اور ایڈیشنل سیکرٹری سینٹرل لال چند بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب کی نظامت کے فرائض اسسٹنٹ ایڈیٹر ٹی آر سی کلچرل اکیڈمی سید افتخار احمد نے انجام دیئے۔ اسسٹنٹ ایڈیٹر ٹی آر سی، جے کے اے سی ایل نے چلائی۔ سیکرٹری کلچرل اکیڈمی ہرویندر کور نے کورس کا باضابطہ افتتاح کیا۔ افتتاح کے بعد معزز مہمانوں نے خطاطی کے کمرے کا دورہ کیا اور خطاطی کے روایتی فن کی بحالی اور فروغ کے لئے کئے گئے اس اقدام کو سراہا۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر حبیب اللہ شاہ نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے عصرِ حاضر میں خطاطی کی دیرپا معنویت، افادیت اور اہمیت کو اجاگر کیا اور منظم تربیت اور ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے روایتی فنون کے تحفظ کی ضرورت پر زور دیا۔ محمد اشرف ٹاک نے اپنے صدارتی خطاب میں خطاطی کی ثقافتی اور فنی اہمیت کو اجاگر کیا اور اس کورس کی بحالی اور اس روایتی فن میں باقاعدہ تربیت فراہم کرنے کے لئے پلیٹ فارم مہیا کرنے پر کلچرل اکیڈمی اور۔۔۔/ 102

کولگام میں معذور افراد اور بزرگ شہریوں کیلئے معاون آلات تقسیم

کولگام، 7 اکتوبر//// محکمہ سماجی بہبود کولگام نے مصنوعی اعضا سازی کارپوریشن آف انڈیا کے اشتراک سے آج منی سیکریٹریٹ کولگام کے کانفرنس ہال میں معذور افراد کی معاونت اسکیم اور راشٹریہ وایوشری یوجنا کے تحت تقسیم کاری کیمپ کا انعقاد کیا۔ کیمپ کا مقصد معذور افراد اور بزرگ شہریوں کو نقل وحرکت، خود مختاری اور معیارِ زندگی بہتر بنانے کیلئے ضروری معاون آلات فراہم کرنا تھا۔ تقسیم کاری کا عمل رکن اسمبلی کولگام محمد یوسف تاریگامی، ضلع سماجی بہبود افسر کولگام رمیز راجا گنی اور محکمہ سماجی بہبود کے دیگر افسران کی موجودگی میں انجام دیا گیا۔ کیمپ کے دوران 140 سے زائد مستحقین کو ان کی ضروریات کے مطابق مختلف معاون آلات فراہم کیے گئے۔ تقسیم کیے گئے آلات میں سماعت کے آلات، بیٹری سے چلنے والی ٹرائی۔۔۔/ 103

علمدارِ کشمیر شیخ نورالدین نورانیؒ کے عرس مبارک پر

صدر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی تہنیت

سرینگر// صدر جموں کشمیر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بلند پایہ اولیاء، ولی کامل جلیل القدر ریشی اور صوفی بزرگ حضرت شیخ العالم نورالدین نورانیؒ کے عرس مبارک پر ریاستی عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس ولی کامل اور عظیم المرتبت اولیاء نے قرآن اور حدیث کی تعلیم کو اپنی مادری زبان کشمیری میں پیش کر کے ہمیں دینِ اسلام کی نعمت اور عظمت سے فیضیاب کیا۔ حضرت علمدار کشمیرؒ کی ذات اور درگاہ صدیوں سے ہماری ملی تہذیب وتمدن کا گہوارہ رہی ہے اور ہمیشہ اس بابرکت اور تاریخی زیارت گاہ پر عقیدت مندوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ یہ زیارت گاہ ہمارے دلوں کے لئے سکون اور ہمارا ملی ورثہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت نند ریشیؒ کی تعلیم، عبادت، تقویٰ، کلام، روحانی کمالات ہمارے لئے مشعلِ راہ ہے۔ عرس کی تقریب پر نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی عقیدت مندوں کو عرس مبارک پر مبارکباد پیش کیا ہے۔ پارٹی جنرل سکریٹری علی محمد ساگر، اسمبلی کے سپیکر ایڈوکیٹ عبدالرحیم راتھر، معاون جنرل سکریٹری چودھری محمد رمضان، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، ایم ایل اے چاڈورہ علی محمد ڈار، ایم ایل اے۔۔۔/ 106

بی جے پی کی سیوا جیوتی یاترا اور وکست بھارت سنکلپ سبھائیں

وزیر اعظم مودی کی 25 سالہ عوامی خدمت ہر شہری کیلئے مشعلِ راہ/ست شرما

جموں/کشمیر، 7 اکتوبر////: جموں وکشمیر بھر میں خدمت، حب الوطنی اور قوم کی تعمیر کے جذبے کو اجاگر کرتے ہوئے بھارتیہ جنتا پارٹی نے جاری 'سیوا سنکلپ ابھیان' کے تحت 'سیوا جیوتی یاترا' اور 'وکست بھارت سنکلپ سبھاؤں' کا انعقاد کیا۔ یہ پروگرام وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی خدمت اور قوم کیلئے وقف زندگی کے 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقد کیے گئے۔ جموں میں مرکزی پروگرام کے کے ریزورٹ میں منعقد ہوا، جہاں بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا رکن ست شرما، جنرل۔۔۔/ 105

جے کے ایل سی ایم اے کے وائس چیئرمین کا

چونٹی کوہل اور ڈل لاک گیٹ کا دورہ

سرینگر، 7 اکتوبر//// ڈل جھیل سے منسلک آبی گزرگاہوں کی بحالی اور مضبوطی کیلئے جاری کوششوں کے تحت جموں وکشمیر لیک کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی کے وائس چیئرمین خورشید احمد شاہ نے چونٹی کوہل اور ڈل لاک گیٹ کا دورہ کر کے پانی کے بہاؤ، آبی بنیادی ڈھانچے اور ملحقہ علاقوں کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران سپرنٹنڈنگ انجینئر، لیک ڈویژن اول اور لیک ڈویژن دوم کے ایگزیکٹو انجینئرز اور اتھارٹی کے دیگر افسران واہلکار بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وائس چیئرمین نے چونٹی کوہل اور ڈل لاک گیٹ کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا اور آبی گزرگاہ، ملحقہ علاقوں اور متعلقہ آبی بنیادی ڈھانچے کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آبی گزرگاہوں کی مناسب دیکھ بھال ضروری ہے تاکہ پانی کی روانی میں رکاوٹ نہ آئے اور ڈل جھیل میں پانی کی سطح کا موثر انتظام یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے متعلقہ۔۔۔/ 104

ہندواڑہ میں نئے فوجداری قوانین سے متعلق آگاہی پروگرام کا انعقاد

7 اکتوبر// ہندواڑہ پولیس نے پولیس اسٹیشن کرالگنڈ کے دائرہ اختیار میں آنے والے گورنمنٹ سیکنڈری اسکول سپرناخامہ میں نئے فوجداری قوانین کے حوالے سے ایک آگاہی پروگرام منعقد کیا۔ پروگرام کا مقصد اساتذہ، عملے اور طلبہ کو بھارتی قانونی نظام میں ہونے والی حالیہ تبدیلیوں اور نئے فوجداری قوانین سے آگاہ کرنا تھا۔ اس دوران بھارتیہ نیایا سنہتا (BNS)، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا (BNSS) اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیم (BSA) کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی۔ پروگرام کی صدارت متعلقہ پولیس افسر نے کی، جبکہ اسکول کے عملے اور طلبہ سمیت دیگر افراد نے شرکت کی۔ افسران نے نئے قوانین کی مختلف دفعات اور ان کے عملی اثرات کی وضاحت کرتے ہوئے قانونی ضوابط پر عمل۔۔۔/ 107

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ نے سوچھتا 50-50 مہم عوام کی دہلیز تک پہنچائی

گھروں کو کچرے کی ماخذ پر علیحدگی، گھریلو کمپوسٹنگ کے طریقوں سے آگاہ کیا گیا

بانڈی پورہ، 7 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے آج اس میں سوچھتا 50-50 مہم کو عوام کی دہلیز تک پہنچاتے ہوئے گھرانوں کو کچرے کی ماخذ پر علیحدگی، گھریلو کمپوسٹنگ اور ذمہ دارانہ کچرا انتظام کے حوالے سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مقامی رہائشیوں سے بات چیت کی اور گھریلو سطح پر کچرے کے موثر انتظام سے متعلق اہم طریقہ کار کی وضاحت کی۔ انہوں نے مہم کے تحت گھروں کی شرکت اور نگرانی کیلئے کیو آر کوڈز بھی تقسیم کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ مہم میں فعال طور پر حصہ لیں اور گھریلو سطح پر پائیدار کچرا انتظام کے طریقے اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ دیرپا تبدیلی کیلئے انتظامیہ اور عوام دونوں کی اجتماعی ذمہ داری ضروری ہے۔ سوچھتا 50-50 مہم ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ کی ایک اہم پہل ہے، جو پائیدار ٹھوس کچرا انتظام کیلئے 50 فیصد حکومتی اور 50 فیصد عوامی شراکت کے اصول پر مبنی ہے۔ مہم کے تحت کچرے کو ماخذ پر الگ کرنا، گھریلو کمپوسٹنگ، صارف فیس کی ادائیگی اور کپڑے کے۔۔۔/ 108

بڈگام میں بچوں کی آنکھوں کی صحت کے پروگرام کے تحت طلبہ میں مفت چشمے تقسیم

بصری مسائل سے دوچار بچوں کو مفت چشموں کے ساتھ خصوصی علاج کی سہولت فراہم ہوگی

بڈگام، 7 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے آج بوائز ہائر سیکنڈری اسکول بڈگام میں منعقدہ ایک پروگرام کے دوران طلبہ میں مفت چشمے تقسیم کیے۔ یہ اقدام ضلعی انتظامیہ کے جاری بچوں کی آنکھوں کی صحت کے پروگرام کے تحت اٹھایا گیا ہے۔ یہ پروگرام ضلعی انتظامیہ بڈگام نے نابینا آئی کیئر چیریٹیبل ٹرسٹ کے تعاون سے شروع کیا ہے، جس کے تحت ضلع بھر میں 6 سے 18 سال کی عمر کے بچوں کی آنکھوں کی جانچ کی جا رہی ہے۔ اس اقدام کے تحت ضلع کے 70,280 طلبہ میں سے اب تک 60,500 کی آنکھوں کی جانچ مکمل کی جا چکی ہے۔ اسکریننگ کا عمل ضلع بھر کے سرکاری اسکولوں میں انجام دیا گیا، جبکہ ستمبر کے دوران جامع طور پر بچوں کی آنکھوں کی جانچ کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بڈگام کے سرکاری اسکولوں میں 6 سے 18 سال کی عمر کے تمام بچوں کی آنکھوں کی جامع جانچ کا پروگرام شروع کیا گیا ہے اور اب تک تقریباً 60,500 بچوں کی اسکریننگ مکمل ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد اسکول جانے والے بچوں میں بینائی سے متعلق مسائل کی بروقت نشاندہی اور ان کا علاج یقینی بنانا ہے۔ تقریباً 450 بچوں میں بینائی سے متعلق مسائل یا خصوصی آنکھوں کے علاج کی ضرورت کی نشاندہی کی گئی ہے اور انتظامیہ کی کوشش ہے کہ ہر ایسے بچے کو بروقت علاج اور ضروری تعاون فراہم کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ پروگرام کے۔۔۔/ 109

ڈپٹی کمشنر کولگام نے ایچ اے ڈی پی کی پیش رفت کا جائزہ لیا

مختلف زرعی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور کسانوں تک فوائد کی موثر ترسیل کی ہدایت

کولگام، 7 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے آج منی سیکریٹریٹ کولگام میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جامع زرعی ترقیاتی پروگرام (ایچ اے ڈی پی) اور جموں وکشمیر زرعی و متعلقہ شعبوں کی مسابقتی بہتری کے منصوبے (جے کے سی آئی پی) کے نفاذ اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں زرعی اور متعلقہ شعبوں کے تحت جاری منصوبوں کی کامیابیوں اور پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، جبکہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور کسانوں و دیگر مستحقین تک فوائد کی موثر فراہمی پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔ محکمہ زراعت کے تحت بیجوں کی افزائش، مخصوص اور نایاب فصلوں، مخلوط کاشت، ادویاتی و خوشبودار پودوں، شہد کی مکھیوں کی پرورش، غذائیت سے بھرپور اناج، زرعی مشینی کاری، مشروم کی کاشت، جلمن اور مربوط زرعی نظام سمیت مختلف سرگرمیوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ حیوانات وبھیڑ پالنے کے تحت ڈیری اور پولٹری یونٹس، چارہ کی پیداوار، تجارتی بنیادوں پر بھیڑ پالنے، بھیڑوں کیلئے شیڈز، نسل کی بنیاد پر قائم یونٹس، پہلے سے تیار شدہ شیڈز اور مویشیوں سے متعلق دیگر سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔ باغبانی۔۔۔/ 112

ایم ایل اے شوپیان نے سیاحتی ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے بین محکمانہ تال میل پر زور

شوپیان، 7 اکتوبر//// رکن اسمبلی شوپیان شبیر احمد کلے نے آج ٹورسٹ ریسپشن سینٹر پوہری پالن میں ایک جامع جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ضلع میں جاری اور مجوزہ سیاحتی ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے مختلف محکموں کے درمیان بہتر تال میل پر زور دیا۔ اجلاس کے دوران ایم ایل اے نے جاری اور نئے مجوزہ سیاحتی منصوبوں کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی تکمیل میں درپیش مختلف مسائل، چیلنجز اور رکاوٹوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کے درمیان قریبی رابطہ کاری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے افسران کو ہدایت دی کہ سیاحتی بنیادی ڈھانچے سے متعلق کاموں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کیلئے موثر اور تیز رفتار اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے محکمہ جنگلات اور محکمہ وائلڈ لائف کو ضروری اجازت ناموں اور کلیئرنس کے عمل میں تیزی لانے کی ہدایت دی تاکہ ترقیاتی کاموں کی انجام دہی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر شوپیان، ڈاکٹر، پیر کی گلی ٹورازم ڈیولپمنٹ اتھارٹی، ایگزیکٹو انجینئر پی ڈبلیو (آر اینڈ بی) ڈویژن شوپیان، ایگزیکٹو انجینئر جل شکتی ڈویژن شوپیان، ایگزیکٹو انجینئر الیکٹرک ڈویژن شوپیان، ڈویژنل فاریسٹ آفیسر میر بورل شوپیان، تحصیلدار شوپیان، تحصیلدار کیلر، ایگزیکٹو آفیسر میونسپل کونسل۔۔۔/ 111

مذہبی آزادی اور آئینی حقوق کا تحفظ ضروری

عمر عبداللہ کا جموں وکشمیر میں یکساں سول کوڈ نافذ نہ کرنے کا اعلان خوش آئند/ ساگر

سرینگر// جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس جنرل سکریٹری حاجی علی محمد ساگر نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے اس واضح موقف کا خیر مقدم کیا ہے جس میں انہوں نے جموں وکشمیر میں یکساں سول کوڈ نافذ نہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس روزِ اول سے ہی بی جے پی کے یکساں سول کوڈ کے ایجنڈے کی مخالف رہی ہے اور پارٹی نے ہمیشہ ملک کے آئین میں دی گئی مذہبی آزادی، شخصی قوانین اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی وکالت کی ہے۔ حاجی علی محمد ساگر نے کہا کہ یکساں سول کوڈ محض ایک قانونی معاملہ نہیں بلکہ ہندوستان جیسے کثیر مذہبی، کثیر ثقافتی اور کثیر لسانی ملک میں مختلف مذاہب اور برادریوں کے مذہبی و شخصی قوانین سے براہ راست جڑا ہوا حساس مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کے لئے نکاح، طلاق، وراثت، مہر، خاندان اور دیگر عائلی معاملات اسلامی شریعت اور مذہبی احکامات سے وابستہ ہیں، اس لئے یکساں سول کوڈ کی ایسی کوئی بھی شکل جو ان مذہبی اصولوں کو نظر انداز یا محدود کرے، مسلمانوں کے آئینی و مذہبی حقوق سے تصادم کا باعث بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا آئین ہر شہری۔۔۔/ 110

حضرت شیخ نورالدین نورانیؒ کی تعلیم قرآن وحدیث پر مبنی/ میر واعظ ہمدانی

سرینگر:۔ جموں کشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ جناب میر واعظ کشمیر مولانا ریاض احمد ہمدانی نے ملک کشمیر کے بلند پایہ ولی کامل، صوفی اور ریشی بزرگ حضرت شیخ نورالدین نورانیؒ جنہیں حروف عام میں علمدار کشمیرؒ، شیخ العالم اور حضرت نند ریشیؒ کے نام سے پکارتے ہیں کے عرس مبارک پر اپنے پیغام میں کہا کہ خطہ کشمیر کے اس بلند پایہ ولی کامل نے اسلام کی تبلیغ واشاعت میں جو کارنامے انجام دیئے وہ تاریخ اسلام میں ایک سنہری باب ہے اور حضرت علمدار کشمیرؒ نے اپنی مادری زبان کشمیری میں قرآن اور حدیث کی تعلیم کو بیان کر کے اہل کشمیر پر بڑا احسان کیا۔ حضرت شیخ العالمؒ کی درگاہ صدیوں سے اسلامی ثقافت، تہذیب اور تمدن کا گہوارہ رہی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی نیک دعائیں اس درگاہ پر قبول فرماتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ۔۔۔/ 115

ایم ایل اے بانڈی پورہ کا ایچ کے ایم گورنمنٹ ڈگری کالج کا دورہ

18 کروڑ روپے کے جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

بانڈی پورہ، 7 اکتوبر//// رکن اسمبلی بانڈی پورہ نظام الدین بھٹ نے آج ایچ کے ایم گورنمنٹ ڈگری کالج بانڈی پورہ کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے ادارے کی ترقیاتی ضروریات، بنیادی ڈھانچے سے متعلق تقاضوں اور طلبہ سے وابستہ مسائل کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران رکن اسمبلی نے کالج میں تقریباً 18 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر کالج انتظامیہ، تدریسی عملے اور طلبہ کو ادارے کو مزید مضبوط بنانے اور طلبہ کیلئے سہولیات بہتر بنانے سے متعلق امور پر رکن اسمبلی کے ساتھ تبادلہ خیال کا موقع ملا۔ استقبالیہ خطاب میں ایچ کے ایم گورنمنٹ ڈگری کالج بانڈی پورہ کے پرنسپل نے ادارے کی مختلف ترقیاتی اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق ضروریات پر روشنی ڈالی اور رکن اسمبلی کو ان امور سے آگاہ کیا جن پر فوری توجہ اور تعاون درکار ہے۔ اس کے بعد کالج میں جاری اور مجوزہ بنیادی ڈھانچے کے کاموں کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ رکن اسمبلی نے ضروریات کا جائزہ لیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ۔۔۔/ 114

ڈی ایچ پورہ میں 'کیمپس سے کیریئر تک' کے موضوع پر پروگرام کا اِنعقاد

سکینہ ایتو کا نوجوانوں کیلئے ہنر مندی کے فروغ اور طلب پر مبنی کورسوں کو متعارف کرنے پر زور

کولگام/ 07 اکتوبر// گورنمنٹ ڈگری کالج ڈی ایچ پورہ نے آج 'کیمپس سے کیریئر تک' کے موضوع پر ایک پروگرام کا انعقاد کیا جس میں وزیر برائے تعلیم، سماجی بہبود، صحت وطبی تعلیم محکمہ جات سکینہ ایتو مہمانِ خصوصی تھیں۔ پروگرام میں کمشنر سیکرٹری تعلیم رام نواس شرما، سیکرٹری اعلیٰ تعلیم شفقت اقبال، ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر یشنکل سوری اور نوڈل پرنسپل کشمیر ڈویژن کالجز ڈاکٹر سیما ناز نے بھی شرکت کی۔ پروگرام کا آغاز شجر کاری مہم سے ہوا جس کا افتتاح وزیر موصوفہ نے کمشنر سیکرٹری، دیگر افسران اور طالب علموں کی موجودگی میں کیا۔ سکینہ ایتو نے علاقے میں مہارت پر مبنی تعلیم کو فروغ دینے کے لئے کالج کی کوششوں کو سراہا اور ہنر مند افرادی قوت کی تیاری، کالج میں مواقع اور داخلوں میں اضافے کے لئے طلب پر مبنی مضامین اور کورسوں کو متعارف کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر موصوفہ نے طلبا کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی توانائیوں کو صحیح سمت میں لگائیں اور اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں جو زندگی کے سفر میں ان کے لئے مددگار ثابت ہوں گی۔ اس موقعہ پر کمشنر سیکرٹری نے نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار۔۔۔/ 113

سرینگر ٹائمز

8 اکتوبر 2026ء بروز جمعرات

تعمیراتی لکڑی کی فراہمی کا معاملہ
محتاج اور متوسط طبقہ کیلئے کٹھن

وادی کشمیر کے اردگرد پہاڑوں پر اگر درختوں کو کاٹ دیا جائے تو جنگلات کا تصور ہی کہاں رہے گا ۔جنگلات عموماً اونچے مقامات پر وجود میں آتے ہیں اور جب تک یہ سرسبز ہوں تب تک انسانی زندگی کو اناج ملتا رہے گا۔جنگل اور اناج کا آپس میں گہرا تعلق ہے ۔یہی وجہ ہے کہ ترقی یافتہ اور مہذب ممالک میں جنگلات کی حفاظت کو اولین ترجیح دی جاتی ہے ۔اس کے سبب ماحولیات برقرار رہتا ہے اور زندگی آسان خوش گزار اور فرحت بخش بن جاتی ہے لیکن اس کا یہ بھی مطلب نہیں کہ جنگلات میں درختوں کو کلیتاً کاٹا نہ جائے۔حقیقت یہ ہے کہ جنگل میں درختوں کا ہونا جتنا ضروری ہے اتنا ہی اس کے اندر خستہ درختوں کا کٹاؤ لازمی ہے ۔گلے سڑے درخت باقی تنا آور درختوں کو نقصان بھی پہنچا سکتے ہیں۔

وادی کشمیر کے اردگرد پہاڑوں کے سلسلہ کی کوئی حد نہیں ۔پہاڑوں کے اندر اور پہاڑوں کے دامن میں نہ جانے کتنی وادیاں ہیں اور درختوں کا تو کوئی شمار ہی نہیں ہے ۔یہ درخت قدرتی طور اُگ جاتے ہیں ۔نشوونما پاتے ہیں ۔بھاری بھرکم ہوتے ہیں اور بوڑھے بھی ہو جاتے ہیں ۔ایک جنگل میں درختوں کی موجودگی سے ہوا تازہ ہوتی ہے ۔ماحول میں دلفریب تبدیلی آتی ہے ۔جنگلی جانوروں کی پرورش ہوتی ہے ۔پرندوں کو کھلی فضا ملتی ہے لیکن اس کے ساتھ ان ہی درختوں کی بدولت مکان کی کھڑکیوں، دروازوں وغیرہ کیلئے لکڑی کی ضرورت پوری ہوتی ہے ۔تعمیراتی لکڑی کی دستیابی سے ایک انسان کو رہائش کیلئے سامان میسر ہوتا ہے۔

وادی کشمیر میں جنگلات میں ان درختوں کی کوئی کمی نہیں کہ جو کافی پرانے اور خستہ حالت میں ہیں ۔ان کی بروقت کٹائی سے ٹمبر کے معاملہ میں محتاج لوگوں کے مسائل حل ہوتے ہیں ۔وقت کے حکمرانوں نے جنگلات میں خستہ کمزور اور پرانے درختوں کی نشاندہی کیلئے ٹھیکے فراہم کیے ہیں ۔اس سکیم یا معاہدہ کے تحت جہاں جنگلات میں کسی غیر معمولی نقصان کا سامنا کیے بغیر لوگوں کو تعمیراتی لکڑی میسر ہوتی ہے اور بالن وغیرہ بھی مل جاتا ہے لیکن ماضی میں وقت کے حاکموں نے فارسٹ کو لیز پر دینے کے نام پر کافی خلاف ورزیاں کی ہیں ۔''اچھے'' درختوں کو خستہ قرار دے کر کاٹ دیا گیا اور بازار میں اپنی مرضی کی قیمتوں پر فروخت کیے ۔

عوامی احتجاج اور شور وغل کے بعد اگرچہ اس رجحان کو ختم کرنے کی کبھی کامیاب اور کبھی ناکام کوشش کی گئی مگر اب جنگلات میں بستیاں آباد ہو گئی ہیں پہاڑوں کی چوٹیوں تک مکان نظر آتے ہیں وہاں تک راستے نکالے گئے ہیں اور بجلی پانی کا انتظام ہے ۔اس صورت حال نے جنگل کی شکل وصورت ہی بدل ڈالی ہے ۔ایک طرف سرسبز درخت نڈھال ہو رہے ہیں ۔دوسری جانب ٹمبر کے مسائل پیدا ہوئے ہیں ۔غریب لوگوں کو معمولی مکان کیلئے نصف درجن دروازے اور کھڑکیاں بنوانے کیلئے قرض لینا پڑتا ہے ۔اس صورت حال میں حکومت نے ''فاریسٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے ذریعہ آسان طریقے سے اور کم قیمتوں پر ٹمبر فراہم کرنے کا بیڑا اُٹھایا تھا یا فیصلہ کیا تھا وہ ابھی تک اطمینان بخش نہیں ہے ۔تعمیراتی لکڑی کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں ۔عام لوگوں محتاج افراد اور غریبی کی سطح سے نیچے زندگی بسر کرنے والوں کیلئے آشیانہ بنانے کے خواب چکنا چور ہوتے ہیں ۔محکمہ جنگلات ،فاریسٹ کارپوریشن اور دیگر متعلقہ محکمہ جات کے سربراہوں کو اس معاملہ کا فوری قابل قبول سستا اور آسان فارمولہ منظر عام پر لانا ہوگا۔

بچپن سے صبح سویرے اُٹھنے کی عادت کے فائدے

قاضی الطاف

انسان کی کامیابی میں اچھی عادات کا بہت اہم کردار ہوتا ہے۔بچپن وہ زمانہ ہے جب انسان کی شخصیت، سوچ اور عادات تشکیل پاتی ہیں۔اس عمر میں جو عادتیں پختہ ہو جائیں، وہ اکثر پوری زندگی انسان کے ساتھ رہتی ہیں۔اسی لیے بچوں میں اچھی عادات پیدا کرنا والدین اور اساتذہ کی اہم ذمہ داری ہے۔صبح سویرے اٹھنا بھی ایک ایسی مفید عادت ہے جسے بچپن ہی سے اپنانا چاہیے۔جو بچے وقت پر سوتے اور صبح جلدی اٹھتے ہیں، ان میں وقت کی پابندی، نظم وضبط اور ذمہ داری کا احساس زیادہ مضبوط ہو سکتا ہے۔صبح کا وقت پرسکون، صاف اور تازگی سے بھرپور ہوتا ہے، اس لیے اس وقت کا درست استعمال انسان کی جسمانی اور ذہنی صحت کے لیے بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

بچپن میں صبح جلدی اٹھنے کی عادت ڈالنا اس لیے نسبتاً آسان ہوتا ہے کہ بچے اپنی روزمرہ زندگی میں والدین کی پیروی کرتے ہیں۔اگر والدین خود وقت پر سونے اور صبح جلدی اٹھنے کے پابند ہوں تو بچوں کے لیے بھی اسی معمول کو اپنانا آسان ہو جاتا ہے۔اس کے برعکس اگر گھر میں رات دیر تک جاگنے، موبائل فون استعمال کرنے یا ٹیلی ویژن دیکھنے کا معمول ہو تو بچے بھی اسی طرزِ زندگی کے عادی ہو سکتے ہیں۔لہٰذا بچوں میں صبح جلدی اٹھنے کی عادت پیدا کرنے کے لیے سب سے پہلے گھر کے بڑوں کو خود ایک اچھی مثال قائم کرنی چاہیے۔

صبح کا وقت دن کا ایک نہایت قیمتی حصہ ہے۔اس وقت ماحول نسبتاً پرسکون ہوتا ہے اور شور شرابا بھی کم ہوتا ہے۔پرندوں کی آوازیں، ٹھنڈی ہوا اور طلوعِ آفتاب کا منظر انسان کے دل ودماغ پر خوشگوار اثر ڈالتا ہے۔بچے اگر صبح جلدی اٹھنے کے عادی ہوں تو انہیں دن شروع کرنے کے لیے زیادہ وقت ملتا ہے۔وہ اطمینان سے تیار ہو سکتے ہیں، ناشتہ کر سکتے ہیں اور اسکول جانے سے پہلے اپنے ضروری کام مکمل کر سکتے ہیں۔اس کے برعکس دیر سے اٹھنے والے بچے اکثر جلد بازی کا شکار ہوتے ہیں، ناشتہ چھوڑ دیتے ہیں یا اسکول کے لیے تیار ہونے میں پریشانی محسوس کرتے ہیں۔اس طرح صبح کا آغاز ہی بے ترتیبی سے ہوتا ہے۔

صبح جلدی اٹھنے کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ بچے اپنی پڑھائی کے لیے بھی مناسب وقت نکال سکتے ہیں۔بہت سے بچوں کو صبح کے پرسکون ماحول میں پڑھنے اور سبق یاد کرنے میں آسانی محسوس ہوتی ہے۔اس وقت ذہن نسبتاً تازہ ہوتا ہے اور اردگرد کی مصروفیات کم ہوتی ہیں۔اگر بچہ اسکول جانے سے پہلے کچھ وقت مطالعے، دہرائی یا کتاب پڑھنے میں صرف کرے تو اس کی تعلیمی کارکردگی بہتر ہونے میں مدد مل سکتی ہے۔تاہم بچوں پر ضرورت سے زیادہ پڑھائی کا بوجھ ڈالنے کے بجائے ان کے لیے متوازن معمول بنانا ضروری ہے، جس میں پڑھائی کے ساتھ کھیل، آرام اور تفریح کے لیے بھی مناسب وقت موجود ہو۔

صبح سویرے اٹھنے کی عادت بچوں کی جسمانی صحت کے لیے بھی اہم ہے۔اگر بچے رات کو مناسب وقت پر سوئے اور صبح مناسب وقت پر اٹھے تو اسے کافی اور معیاری نیند مل سکتی ہے۔اچھی نیند بچوں کی نشوونما، توجہ، یادداشت اور مجموعی صحت کے لیے بہت ضروری ہے۔صرف جلدی اٹھنا کافی نہیں؛ اس کے لیے رات کو وقت پر سونا بھی ضروری ہے۔والدین کو چاہیے کہ بچوں کے سونے سے پہلے موبائل فون، ٹیبلٹ اور دیگر اسکرینوں کے استعمال کو محدود کریں اور گھر میں پرسکون ماحول پیدا کریں۔اس طرح بچوں کے جسم کو آرام اور نیند کے لیے مناسب وقت مل سکتا ہے۔

بچوں میں یہ عادت پیدا کرنے کے لیے والدین کو سختی کے بجائے محبت، مستقل مزاجی اور سمجھداری سے کام لینا چاہیے۔شروع میں بچے کے لیے صبح جلدی اٹھنا مشکل ہو سکتا ہے، اس لیے اس کے سونے اور جاگنے کے اوقات میں بتدریج تبدیلی لانی چاہیے۔ہر روز کچھ منٹ پہلے سونے اور اٹھنے کی عادت ڈالنے سے بچہ آہستہ آہستہ نئے معمول کا عادی ہو سکتا ہے۔والدین بچے کو صبح اٹھنے پر ڈانٹنے کے بجائے اس کی حوصلہ افزائی کریں۔اگر بچہ وقت پر اٹھے تو اس کی تعریف کی جا سکتی ہے۔اس طرح صبح جلدی اٹھنا اس کے لیے بوجھ کے بجائے ایک مثبت تجربہ بن سکتا ہے۔

بچوں کو صبح اٹھنے کے بعد صحت مند سرگرمیوں میں مصروف کرنا بھی مفید ہے۔مثلاً ہلکی ورزش، چہل قدمی، نماز، تلاوت، مطالعہ یا باغ میں کچھ وقت گزارنا ان کے دن کا اچھا آغاز بن سکتا ہے۔والدین بچوں کے ساتھ صبح کی سیر پر جا سکتے ہیں یا چند منٹ ورزش کر سکتے ہیں۔اس سے نہ صرف بچے میں صحت مند عادات پیدا ہوں گی بلکہ والدین اور بچوں کے درمیان تعلق بھی مضبوط ہوگا۔بچوں کو یہ سمجھانا بھی ضروری ہے کہ صبح جلدی اٹھنے کا مقصد صرف جلد بستر سے نکلنا نہیں بلکہ اپنے وقت کو بہتر انداز میں استعمال کرنا ہے۔

اس عادت کو مضبوط بنانے میں اسکول اور اساتذہ بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔اساتذہ بچوں کو وقت کی قدر، صحت مند نیند اور منظم زندگی کے فوائد کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔اگر گھر اور اسکول دونوں جگہ بچوں کو ایک ہی طرح کی مثبت رہنمائی ملے تو اچھی عادتیں زیادہ آسانی سے پختہ ہو سکتی ہیں۔تاہم بچوں کی عمر، صحت اور قدرتی نیند کی ضرورت کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے۔ہر بچے کی ضروریات ایک جیسی نہیں ہوتیں، اس لیے مناسب نیند کو قربان کر کے صرف جلدی اٹھنے پر زور دینا درست نہیں۔

صبح سویرے اٹھنے کی عادت بچوں کی شخصیت میں نظم وضبط، وقت کی پابندی اور ذمہ داری پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔اس کے ذریعے بچے اپنے دن کا آغاز زیادہ سکون اور ترتیب کے ساتھ کر سکتے ہیں اور پڑھائی، کھیل، عبادت، ورزش اور دیگر سرگرمیوں کے لیے مناسب وقت حاصل کر سکتے ہیں۔یہ عادت ایک دن میں پیدا نہیں ہوتی بلکہ مسلسل کوشش، مناسب معمول اور والدین کی اچھی مثال سے آہستہ آہستہ پختہ ہوتی ہے۔اگر بچپن ہی سے بچوں کو وقت پر سونے، مناسب نیند لینے اور صبح جلدی اٹھنے کا عادی بنایا جائے تو وہ مستقبل میں زیادہ منظم، صحت مند اور ذمہ دار زندگی گزارنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔بلاشبہ اچھی عادات کی بنیاد بچپن میں رکھی جاتی ہے، اور صبح سویرے اٹھنے کی عادت اس بنیاد کی ایک اہم اینٹ ہے۔

باورچی خانہ میں قدرت کی دو قیمتی نعمتیں

محمد شفیع بٹ

لہسن اور ادرک ہماری روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی دو اہم غذائیں ہیں۔دونوں کا شمار ایسی قدرتی چیزوں میں ہوتا ہے جو نہ صرف کھانے کے ذائقے اور خوشبو کو بہتر بناتی ہیں بلکہ اپنی غذائی اور طبی خصوصیات کی وجہ سے بھی بہت اہم سمجھی جاتی ہیں۔برصغیر کے گھروں میں شاید ہی کوئی ایسا باورچی خانہ ہو جہاں لہسن اور ادرک موجود نہ ہوں۔سالن، سبزی، گوشت، دال، چٹنی اور مختلف مشروبات میں ان کا استعمال صدیوں سے چلا آ رہا ہے۔ان دونوں چیزوں کی اہمیت صرف کھانے تک محدود نہیں بلکہ روایتی طب میں بھی انہیں خاص مقام حاصل رہا ہے۔جدید سائنسی تحقیق نے بھی ان میں موجود کئی مفید مرکبات کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔

لہسن ایک مشہور بلب دار پودا ہے جس کا تعلق پیاز کے خاندان سے ہے۔اس کی ایک گانٹھ میں کئی جوے ہوتے ہیں۔لہسن کی خاص پہچان اس کی تیز خوشبو اور مخصوص ذائقہ ہے۔اسے عموماً کھانوں میں مصالحے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔لہسن کو کچا، پکا ہوا، بھنا ہوا یا مختلف اچار اور چٹنیوں کی شکل میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔اسے کاٹنے یا کچلنے کے بعد اس میں ایک اہم مرکب پیدا ہوتا ہے جسے ایلیسن کہا جاتا ہے۔یہی مرکب لہسن کی مخصوص خوشبو اور اس کی کئی حیاتیاتی خصوصیات سے وابستہ سمجھا جاتا ہے۔لہسن میں وٹامن بی 6، وٹامن سی، مینگنیز اور دیگر غذائی اجزا بھی پائے جاتے ہیں۔

لہسن کو روایتی طور پر صحت کے لیے مفید سمجھا جاتا ہے۔متوازن غذا کے حصے کے طور پر اس کا استعمال دل اور خون کی صحت کے لیے فائدہ مند ہو سکتا ہے۔بعض سائنسی مطالعات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ لہسن کا باقاعدہ استعمال بعض افراد میں بلڈ پریشر اور خون میں چکنائی کی سطح پر معمولی مثبت اثر ڈال سکتا ہے۔لہسن میں موجود بعض مرکبات جسم میں آکسیڈیٹو تناؤ کے خلاف کام کرنے میں مدد دیتے ہیں، اسی لیے اسے اینٹی آکسیڈنٹ خصوصیات رکھنے والی غذا بھی سمجھا جاتا ہے۔روایتی طب میں لہسن کو سردی، کھانسی اور مختلف معمولی بیماریوں کے لیے بھی استعمال کیا جاتا رہا ہے۔تاہم یہ بات ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ لہسن کسی بیماری کا مکمل علاج نہیں اور نہ ہی اسے ڈاکٹری تجویز کردہ دوا کا متبادل سمجھنا چاہیے۔

ادرک بھی دنیا بھر میں استعمال ہونے والی ایک قدیم اور مفید غذا ہے۔یہ دراصل ایک زیرِ زمین تنا ہے جسے عام طور پر جڑ کہا جاتا ہے۔ادرک کا ذائقہ قدرے تیز اور خوشبو مخصوص ہوتی ہے۔چائے، قہوے، سالن، سوپ، اچار اور مختلف مشروبات میں ادرک کا استعمال عام ہے۔تازہ ادرک کے علاوہ خشک ادرک، جسے سونٹھ کہا جاتا ہے، بھی مختلف کھانوں اور روایتی طریقہ؟ علاج میں استعمال ہوتی ہے۔ادرک میں موجود اہم مرکبات میں جنجرول نمایاں ہے، جو اس کے تیز ذائقے اور کئی حیاتیاتی خصوصیات سے وابستہ ہے۔

ادرک کا سب سے معروف استعمال متلی اور معدے کی بعض تکالیف میں کیا جاتا ہے۔تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ ادرک بعض اقسام کی متلی، خصوصاً سفر کے دوران ہونے والی متلی اور حمل کے دوران ہونے والی معمولی متلی میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے، اگرچہ ہر فرد کا ردعمل مختلف ہو سکتا ہے۔ادرک میں سوزش کم کرنے والی خصوصیات بھی پائی جاتی ہیں، اسی وجہ سے اسے جوڑوں اور پٹھوں کی معمولی تکلیف میں مددگار غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ادرک نظامِ ہاضمہ کے لیے بھی مفید سمجھی جاتی ہے اور کھانے کے بعد اس کی چائے بعض لوگوں کو ہاضمے میں راحت پہنچاتی ہے۔

سردیوں میں ادرک والی چائے برصغیر میں خاص طور پر مقبول ہے۔گرم پانی، ادرک اور بعض اوقات شہد یا لیموں کے ساتھ تیار کیا جانے والا مشروب گلے کو عارضی سکون دے سکتا ہے۔ادرک کی چائے نہ صرف خوش ذائقہ ہوتی ہے بلکہ سرد موسم میں جسم کو گرم رکھنے کا احساس بھی دیتی ہے۔اسی طرح لہسن کو مختلف سبزیوں اور گوشت کے پکوانوں میں شامل کیا جاتا ہے۔اس طرح یہ دونوں چیزیں ہماری خوراک کو مزید ذائقے دار بنانے کے ساتھ ساتھ غذائی اعتبار سے بھی اہم بناتی ہیں۔

لہسن اور ادرک کو ایک ساتھ استعمال کرنے کا رواج بھی بہت عام ہے۔جنوبی ایشیائی کھانوں میں ادرک لہسن کا پیسٹ تقریباً ہر گھر میں استعمال ہوتا ہے۔اسے گوشت، مرغی، سبزی، دال اور مختلف سالنوں میں شامل کیا جاتا ہے۔یہ پیسٹ نہ صرف کھانے کو خوشبودار بناتا ہے بلکہ دونوں اجزا کی غذائی خصوصیات بھی فراہم کرتا ہے۔کھانا پکاتے وقت لہسن اور ادرک کو مناسب مقدار میں استعمال کرنا بہتر ہے کیونکہ بہت زیادہ مقدار بعض افراد میں معدے کی جلن، تیزابیت یا دیگر تکالیف پیدا کر سکتی ہے۔اسی طرح جو افراد خون پتلا کرنے والی بعض ادویات استعمال کرتے ہیں، انہیں لہسن یا ادرک کی بہت زیادہ مقدار بطور سپلیمنٹ لینے سے پہلے ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہیے۔

لہسن اور ادرک قدرت کی دو ایسی قیمتی نعمتیں ہیں جو ہمارے کھانوں کو ذائقہ، خوشبو اور غذائیت فراہم کرتی ہیں۔لہسن اپنے مفید نباتاتی مرکبات کی وجہ سے اہم ہے، جبکہ ادرک ہاضمے، متلی اور سوزش سے متعلق بعض مسائل میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔دونوں کا استعمال ہماری ثقافت اور روایتی خوراک کا اہم حصہ ہے۔تاہم صحت مند زندگی کے لیے صرف کسی ایک غذا پر انحصار کرنا مناسب نہیں۔متوازن خوراک، مناسب ورزش، صاف پانی، اچھی نیند اور ضرورت کے وقت ڈاکٹر سے مشورہ بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔لہسن اور ادرک کو بھی اسی متوازن طرزِ زندگی کا حصہ سمجھنا چاہیے۔مناسب مقدار میں استعمال کیے جائیں تو یہ دونوں نہ صرف ہمارے کھانوں کو مزیدار بناتے ہیں بلکہ صحت مند غذا میں ایک مفید اضافہ بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔

خبرونظر

وزیراعظم کے اقتدار کے 25 سال بے مثال
ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے تاثرات

اے پی آئی / وزیر اعظم کے 25 سالہ اقتدار کے سفر کو بے مثال، لازوال قرار دیتے ہوئے وزیر اعظم کے دفتر میں تعینات وزیر مملکت نے کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی عوامی خدمت کیلئے ہمیشہ وقف کر دی ۔بحیثیت وزیر اعظم انہوں نے ملک کو ترقی کی راہوں پر گامزن کرنے کے علاوہ 20 کروڑ لوگوں کو غریبی کی سطح سے نکال کر عزت کے ساتھ زندگی گزارنے کا موقعہ فراہم کیا ۔اپنے 12 سالہ پانچ ماہ کے وزیر اعظم ہونے کی حیثیت سے انہوں نے دنیا میں بھارت کو ایک مقام فراہم کیا۔ مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ وزیر اعظم کے عوامی عہدے پر 25 سالہ سفر کی مضبوط جمہوریت اور روایت کی عکاسی کرتا ہے ۔اپنے پارلیمانی حلقہ ادھمپور میں وکست بھارت سنکلپ سبھا سیوا جیوتی یاترا میں شرکت کرتے ہوئے وزیر اعظم کے دفتر میں تعینات وزیر مملکت نے کہا کہ جمہوریت میں کسی رہنما کا اتنے طویل عرصے تک بار بار انتخابات جیتنا اور عوام سے حکومت کرنے کا منڈیٹ حاصل کرتے رہنا ایک غیر معمولی بات ہے ۔تقریب کے حاشیے پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے عوامی زندگی میں 25 سال مکمل کئے ہیں جن میں 12 سال 5 ماہ گجرات کے وزیر اعلیٰ اور مزید 12 سال 5 ماہ وزیر اعظم کی حیثیت سے بغیر کسی وقفے کے خدمات انجام دینا شامل ہیں ۔انہوں نے کہا کہ یہ ایک قابل ذکر ریکارڈ اور سب کے لیے فخر اور خوشی کی بات ہے ۔ان کے مطابق اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ یہ ہماری جمہوری روایت کی مضبوطی کو ظاہر کرتا ہے جہاں ایک رہنما نے بار بار عوام کا مینڈیٹ حاصل کیا اور حکومت چلانے کی ذمہ داری سونپی گئی ۔ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ اس طرح کا تسلسل غالب سیاسی نظام یا بادشاہتوں میں دیکھا جا سکتا ہے تاہم جمہوریتوں میں عموماً اقتدار میں تبدیلی یا چیلنجز ہوا انتخابی اتار چڑھاؤ دیکھنے کو ملتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ''جب ہم ان تمام پہلوؤں کو یکجا کر کے دیکھتے ہیں تو یہ گہری لگن اور عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔''

مینجنگ ڈائریکٹر جے کے بکس اور
کتاب محل پبلشرز شیخ بشیر احمد کو بڑا اعزاز

جے کے این ایس / کشمیر سے تعلق رکھنے والے جے کے بکس اور کتاب محل پبلشرز کے مینجنگ ڈائریکٹر، شیخ بشیر احمد کو فیڈریشن آف پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن ان انڈیا (FPBAI) کے 72 ویں سالانہ اجلاس عام میں گولڈن ایوارڈ 2026 سے نوازا گیا ۔اس اعزاز کے ساتھ ہی وہ جموں وکشمیر کے پہلے پبلشر بن گئے ہیں جنہیں یہ ایوارڈ ملا ہے ۔جے کے این ایس کو ملی تفصیلات کے مطابق یہ تقریب ہفتہ کے روز صبح ساڑھے 11 بجے انڈیا ہیبی ٹیٹ سینٹر، لودھی روڈ پر واقع جیکرانڈا ہال کی پہلی منزل میں منعقد ہوئی ۔فیڈریشن نے کتابوں کی صنعت میں ان کی نمایاں خدمات، ادب، ثقافت اور اشاعت کے شعبے میں ان کے پختہ عزم، نیز علم کے تحفظ اور فروغ کیلئے ان کے کام کا اعتراف کیا ۔یہ ایوارڈ فیڈریشن آف پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن ان انڈیا (FPBAI) کے صدر اور ایوارڈ کمیٹی کے چیئرمین ایس کے گھئی اور FPBAI کے نائب صدر (شمال) ارون جیت سنگھ گجرال نے پیش کیا ۔اعزازی سیکریٹری وکاس چودھری نے اعزازی مشترکہ سیکریٹری کلپنا شکلا، اعزازی مشترکہ خزانچی روی سیٹھی اور فیڈریشن کے دیگر ممتاز عہدیداران وارکین کی موجودگی میں تعریفی سند پڑھ کر سنائی۔

کشمیر میں منشیات کے خلاف
آگہی پروگرام اور مباحثے کا انعقاد

یو این آئی / جموں وکشمیر مسلح پولیس (جے کے اے پی) انڈیا ریزرو کی 20 ویں بٹالین کے کمانڈنگ افسر (سی او) سرجیت کمار نے کہا ہے کہ نشیلی دواؤں کے غلط استعمال کے خلاف مہم میں طلبہ، اساتذہ، والدین، پولیس اور پورے معاشرے کی اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے ۔انہوں نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے ان سے اپنی پڑھائی پر توجہ مرکوز رکھنے اور نشیلی دواؤں نیز دیگر نقصان دہ اثرات سے دور رہنے کی اپیل کی اور طلبہ سے اپنے ساتھیوں، خاندانوں اور برادریوں کے درمیان بیداری پھیلا کر "منشیات سے پاک مشن کا سفیر" بننے کی دعوت دی۔ جموں وکشمیر مسلح پولیس (جے کے اے پی) انڈیا ریزرو کی 20 ویں بٹالین نے منگل کے روز منعقدہ بحث میں ہندوستان کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور بہترین طرزِ حکمرانی، نظم وضبط، اتحاد نیز قومی سالمیت کو فروغ دینے میں پٹیل کے کردار کا ذکر کیا۔ اس موقع پر سردار ولبھ بھائی پٹیل کے انتظامی اصلاحات اور تعمیر ملت میں تعاون پر بیداری پر مبنی گفتگو کے علاوہ منشیات کے بڑھتے غلط استعمال پر ایک مباحثہ کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اس میں مختلف اسکولوں کے طلبہ اور اساتذہ نے مباحثے میں حصہ لیا جس میں منشیات کے غلط استعمال کی وجوہات، نتائج اور اس کی روک تھام کے تدابیر پر تبادلہ خیال ہوا۔

بجلی صارفین کو یکمشت بجلی فیس
ادا کرنے پر مجبور نہ کیا جائے / غلام حسن میر

اپنی پارٹی کے نائب صدر غلام حسن میر نے صارفین کو یکمشت بجلی فیس ادا نہ کرنے کی بنا پر ان کے کنکشن منقطع کرنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صارفین کو قسطوں میں بجلی فیس ادا کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ انہیں اضافی بوجھ کا سامنا نہ کرنا پڑے اور وہ بجلی سے بھی محروم نہ ہو سکیں ۔اے پی آئی نیوز کے مطابق اپنی پارٹی کے نائب صدر اور سابق وزیر غلام حسن میر نے پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی جانب سے ان صارفین کے بجلی کنکشن منقطع کرنے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے مالی طور پر کمزور خاندان شدید دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں اور انہیں بقایاجات یکمشت ادا کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے ۔اپنی پارٹی کے نائب صدر نے کہا کہ بجلی کے ذیر التواء بلوں کی وصولی ضروری ہے تاہم حکومت کو ان خاندانوں کے ساتھ زیادہ ہمدردانہ رویہ اختیار کرنا چاہیے جو ایک ہی وقت میں اپنے بقایاجات ادا کرنے کی قوت نہیں رکھتے ۔

چین کی یورپی یونین کو تجارتی تنازعات بات چیت سے حل کرنے کی اپیل

بیجنگ، 7 اکتوبر (یو این آئی) چین نے بدھ کو کہا کہ یورپی یونین (ای یو) کے ساتھ اس کے تجارتی تعلقات باہمی طور پر انتہائی مربوط اور ایک دوسرے پر منحصر ہیں اور بلاک سے تجارتی خدشات بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی اپیل کی۔ یہ بیان ایسے وقت میں آیا ہے جب فرانس اور جرمنی نے یورپی یونین کے تجارتی اقدامات کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان گو جیاکون نے ایک تحریری بیان میں کہا، چین اور یورپی یونین کے درمیان صنعتی اور سپلائی چینز انتہائی مربوط اور ایک دوسرے پر منحصر ہیں اور ہمارے اقتصادی و تجارتی تعلقات باہمی مفاد پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ یورپی یونین چین کے ساتھ مل کر ایک ہی سمت میں کام کرے گا اور بات چیت و مشاورت کے ذریعے ایک دوسرے کے خدشات دور کرے گا تاکہ دونوں فریق عالمی صنعتی اور سپلائی چینز کو مستحکم اور بلا رکاوٹ رکھنے کے ساتھ چین۔ یورپی یونین اقتصادی و تجارتی تعلقات کی صحت مند اور مستحکم ترقی کو فروغ دے سکیں۔ گو نے یورپی یونین پر زور دیا کہ وہ چین کے ساتھ بات چیت اور مشاورت کے ذریعے باہمی خدشات دور کرے اور عالمی صنعتی و سپلائی چینز کے استحکام کو برقرار رکھنے میں تعاون کرے۔ یہ بیان فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون اور جرمن چانسلر فریڈرک مرز کی جانب سے یورپی یونین کے لیے نئے تجارتی اقدامات کا مطالبہ کیے جانے کے بعد سامنے آیا۔ دونوں رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ تجارتی آلات اب بلاک کے تجارتی نظام کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کافی نہیں ہیں۔ یورپی کمیشن کی صدر ارسولا فان ڈیر لاین کو مشترکہ خط میں دونوں رہنماؤں نے کہا کہ یورپی یونین کو غیر معمولی چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے یورپ کا بیرونی انحصار کم کرنے، سپلائی چینز کے ارتکاز سے نمٹنے اور ابھرتے ہوئے خطرات کی روک تھام کے لیے اقدامات پر زور دیا۔

یورپی یونین نے ڈرون اور میزائلوں کیلئے یوکرین کو 1.24 ارب یورو جاری کیے

بروسلز، 7 اکتوبر (یو این آئی) یورپی کمیشن نے بدھ کو کہا کہ اس نے یورپی یونین کے 90 ارب یورو کے [ایوکرین سپورٹ لون کے دفاعی حصے کے تحت یوکرین کو 1.24 ارب یورو (1.38 ارب ڈالر) جاری کیے ہیں۔ کمیشن کے مطابق یہ رقم یوکرینی دفاعی کمپنیوں سے ڈرون، ڈرون انٹرسیپٹرز، ڈرون کے لیے گولہ بارود اور میزائل خریدنے کے لیے استعمال کی جائے گی۔ یورپی کمیشن کی صدر ارسولا فان ڈیر لاین نے کہا، روس دہشت گردی کی اپنی دانستہ حکمت عملی جاری رکھے ہوئے ہے اور یوکرینی شہریوں کی روزمرہ زندگی کو ناقابل برداشت بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ آج جاری کی گئی رقم یوکرین کی دفاعی صنعت اور اپنی حفاظت کرنے کی اس کی صلاحیت کو مضبوط بنانے اور عوام و بنیادی ڈھانچے کے تحفظ میں مدد دے گی۔ 2026-27 کے لیے قائم کیے گئے یوکرین سپورٹ لون کے تحت دفاع کے لیے 60 ارب یورو اور بجٹ امداد کے لیے 30 ارب یورو مختص کرنے کی تجویز ہے۔ کمیشن کے مطابق 2026 میں دفاع سے متعلق مد میں 3.28 ارب یورو جاری کیے جانے کا منصوبہ ہے۔ کمیشن نے بتایا کہ 2026 کے دفاعی حصے کے تحت مزید رقوم آنے والے ہفتوں میں جاری کیے جانے کی توقع ہے۔ یورپی یونین کے اعداد و شمار کے مطابق تازہ ادائیگی کے بعد یوکرین سپورٹ لون کے تحت اب تک جاری کی جانے والی مجموعی رقم 16.9 ارب یورو ہو گئی ہے۔ اس میں سے 12.9 ارب یورو دفاعی ساز و سامان کی خریداری، 3.2 ارب یورو میکرو مالیاتی امداد اور 80 کروڑ یورو یوکرین فیسلٹی کے ذریعے فراہم کیے گئے ہیں۔ کمیشن نے کہا کہ 2026 کے بقیہ عرصے کے لیے یوکرین کو 5.32 ارب یورو کی مالی امداد دستیاب ہے، جس میں یوکرین سپورٹ لون کے تحت دفاعی صنعتی صلاحیت کے لیے 15.4 ارب یورو اور بجٹ معاونت کے لیے 12.7 ارب یورو شامل ہیں۔ یورپی یونین کا سپورٹ لون فروری میں منظور کیے گئے ضابطہ (EU) 2026/467 کے تحت قائم کیا گیا اور اس کے لیے یورپی یونین کی جانب سے کیپٹل مارکیٹوں سے قرض حاصل کیا جا رہا ہے۔ اس کے دفاعی حصے کا مقصد یوکرین کی دفاعی صلاحیتوں اور دفاعی صنعتی بنیاد کو مضبوط بنانا اور اسے یورپ کی دفاعی صنعت کے ساتھ مزید مربوط کرنا ہے۔

عراق نے اپنی کرنسی کی قدر کم کر دی

بغداد، 7 اکتوبر (یو این آئی) عراق نے اپنی کرنسی کی قدر گرا کے امریکی ڈالر کے مقابلے میں سرکاری شرح مبادلہ کو تقریباً 1,300 دینار سے تبدیل کر کے 1,500 دینار کر دیا ہے۔ عراق کے مرکزی بینک نے آج بروز بدھ جاری کردہ بیان میں کہا کہ نئی شرح مبادلہ کا فیصلہ گزشتہ رات منعقدہ اجلاس میں مختلف مالی، اقتصادی اور مالیاتی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے منظور کیا ہے۔ گزشتہ سرکاری شرح مبادلہ 2023 میں مقرر کی گئی تھی۔ تاہم، کرنسی ایکسچینج دفاتر میں نافذ مارکیٹ ریٹ مسلسل سرکاری شرح سے مختلف رہا اور گزشتہ چند ماہ کے دوران دونوں ریٹوں کے درمیان فرق مزید بڑھتا گیا تھا۔ اس بڑھتے ہوئے فرق کی ایک وجہ امریکہ ایران جنگ بھی ہے، جو وقتاً فوقتاً عراق تک بھی پھیلتی رہی ہے۔ علاوہ ازیں آبنائے ہرمز میں بحری نقل و حمل کے تعطل میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں نے بھی صورتحال کو متاثر کیا ہے۔ عراق بڑی حد تک تیل کی برآمدات پر انحصار کرتا ہے اور جنگ سے قبل اپنے تیل کا بڑا حصہ اسی آبنائے کے راستے منتقل کرتا تھا۔ تنازعات شروع ہونے کے بعد سے ملک نے برآمدات کے لیے تیل کو براستہ شام اور ترکی راستے سے منتقل کرنا شروع کیا ہے، جو زیادہ مہنگا اور کم مؤثر ہے۔ کرنسی کی قدر میں کمی کا اعلان ہوتے ہی غیر سرکاری شرح مبادلہ ایک ڈالر کے مقابلے میں 1,600 دینار سے تجاوز کر چکی تھی۔ اعلان کے بعد یہ شرح مزید بڑھ کر 1,700 دینار سے بھی تجاوز کر گئی ہے۔ نئے ضابطے کے مطابق وزارت خزانہ ایک ڈالر 1,500 دینار کی شرح سے فروخت کرے گی، جبکہ بینکوں کے ذریعے ڈالر خریدنے والے صارفین کو ایک ڈالر کے لیے 1,520 دینار ادا کرنا ہوں گے۔

روس کا یوکرین پر بڑے پیمانے پر حملہ، کم از کم 20 افراد ہلاک

کیف، 7 اکتوبر (یو این آئی) روس نے یوکرین کے مختلف علاقوں پر ڈرونز اور میزائلوں سے بڑے پیمانے پر حملے کیے، جن میں کم از کم 20 افراد ہلاک ہو گئے۔ یوکرینی حکام نے بدھ کو یہ اطلاع دی۔ یوکرینی فضائیہ کے مطابق روس نے رات بھر کی کارروائی میں 130 ڈرونز، 48 کروز میزائل اور نامعلوم تعداد میں بیلسٹک میزائل داغے۔ فضائی دفاعی یونٹوں نے 161 اہداف کو تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ حکام کے مطابق روسی حملوں کا مرکز دارالحکومت کیف، وسطی یوکرین کا پولتاوا، جنوب مشرقی علاقہ دنیپروپیٹروفسک اور شمال مشرقی شہر خارکیف رہے۔ صدر ولودیمیر زیلنسکی نے سوشل میڈیا پر کہا کہ روس نے 70 میزائلوں کے ساتھ سو ڈرون داغے اور یہ 2022 میں جنگ شروع ہونے کے بعد سے کے سب سے بڑے حملوں میں سے ایک تھا۔ انہوں نے کہا کہ اہم اہداف میں سے ایک توانائی کا بنیادی ڈھانچہ تھا۔ روسی اس پر شدید اور نمایاں ضرب لگانا چاہتے تھے۔ یوکرینی حکام کے مطابق حملوں میں رہائشی عمارتوں، صنعتی تنصیبات اور بنیادی ڈھانچے کو بھی نقصان پہنچا۔ شمالی علاقے چرنیہیف کے پریلوکی شہر میں روسی میزائل پانچ منزلہ رہائشی عمارت سے ٹکرایا، جس میں کم از کم 14 افراد جن میں چار بچے شامل ہیں، ہلاک اور 50 دیگر زخمی ہو گئے۔ [illegible] دنیپرو اور کریوی ریگ میں میزائل [illegible] جس میں دو افراد ہلاک ہوئے، جبکہ اوڈیسا میں بھی دو افراد ہلاک ہو گئے۔ روس کی وزارت دفاع نے کہا کہ اس کی افواج نے کیف اور یوکرین کے دیگر علاقوں میں فوجی صنعتی تنصیبات پر بڑے پیمانے پر حملہ کیا۔ [illegible] کیف میں [illegible] کروز میزائل اور درمیانے و طویل فاصلے تک مار کرنے والے ڈرون تیار اور ذخیرہ کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ کیف، چرنیہیف، کیروووہراڈ، ڈنیپروپیٹروفسک، پولتاوا اور خارکیف کے علاقوں میں بھی مختلف اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔

مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاروں کا فلسطینیوں پر حملہ، ایک ہلاک، 16 زخمی

رام اللہ، 7 اکتوبر (یو این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے کے شمالی علاقے میں اسرائیلی فوج کی سرپرستی میں آبادکاروں کے فلسطینیوں پر حملے میں ایک شخص ہلاک اور 16 دیگر زخمی ہو گئے۔ فلسطینی حکام نے یہ اطلاع دی۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق نابلس کے شمال مغرب میں واقع برقہ کے رہائشی 44 سالہ علی حسن یاسر البزاری نابلس کے مغرب میں برقہ کے قریب زرعی زمینوں پر زیتون کی فصل کی کٹائی میں مصروف فلسطینیوں پر حملے کے دوران ہلاک ہوئے۔ وفا نیوز ایجنسی نے مقامی ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ زخمیوں میں ایک خاتون سمیت کئی افراد کو طولکرم اور نابلس کے اسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ فلسطینی ہلال احمر سوسائٹی (پی آر سی ایس) کے مطابق اس کی ٹیموں نے علاقے میں پانچ زخمیوں کا علاج کیا، جن میں دو افراد کو گولیاں لگی تھیں جبکہ دیگر تین کو مارا پیٹا گیا تھا۔ پی آر سی ایس نے کہا کہ زخمیوں تک پہنچنے کی کوشش کرنے والی ایمبولینس ٹیموں پر بھی اسرائیلی فورسز نے حملہ کیا اور تین طبی اہلکاروں اور ایک رضاکار کو مختصر وقت کے لیے حراست میں لے لیا۔ رام اللہ سے الجزیرہ کی نامہ نگار ندا ابراہیم نے بتایا کہ یہ تشدد زیتون کی فصل کی کٹائی کے موسم میں فلسطینیوں پر بڑھتے ہوئے حملوں کے درمیان ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں زیتون کی فصل چننے کے لیے گھر سے نکلنا بھی خطرناک ہو گیا ہے، کیونکہ کسانوں کو اپنی زمینوں تک جانے پر اسرائیلی پابندیوں کے ساتھ ساتھ مسلح اسرائیلی آبادکاروں کے حملوں کا بھی سامنا ہے۔ ان کے مطابق ان حملوں نے فلسطینی خاندانوں کے لیے روایتی طور پر اہم سماجی اور معاشی حیثیت رکھنے والے زیتون کی فصل کے موسم کو متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اکتوبر میں عام طور پر فلسطینی اپنے کام سے چھٹی لے کر زمینوں پر جاتے ہیں اور زیتون چنتے ہیں، کیونکہ یہ ان کے لیے خوشی کا موسم ہوتا ہے۔ ندا ابراہیم کے مطابق حملوں سے زیتون کی کاشت بھی بری طرح متاثر ہوئی ہے اور رواں سال مقبوضہ مغربی کنارے میں کم از کم 45 ہزار زیتون کے درخت تباہ کیے جا چکے ہیں۔ وفا نیوز ایجنسی کے مطابق مقبوضہ مغربی کنارے کے وسطی علاقے حماتا کے قریب بھی اسرائیلی فورسز اور آبادکاروں نے زیتون کی فصل چننے میں مصروف متعدد فلسطینیوں پر حملہ کیا۔

انتخابی کمیٹی نے نیتن یاہو کو جرمانہ کر دیا

تل ابیب، 7 اکتوبر (یو این آئی) اسرائیل کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے نیتن یاہو کو دوسری مرتبہ ہدایت کی ہے کہ وہ کمیٹی کی طرف سے انتخابی مہم کا حصہ قرار دی گئی ویڈیو کو اپنے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹوں سے حذف کرے اور قانونی مصارف بھی ادا کرے۔ اسرائیل کے چینل 7 ٹیلی ویژن کی منگل کو نشر کردہ خبر کے مطابق کمیٹی کے چیئرمین اور سپریم کورٹ کے جج نوم سولبرگ نے نیتن یاہو کو لوف ایٹرز میں پرمشتمل ویڈیو حذف کرنے اور 2,500 شیکل تقریباً 821 ڈالر کے مصارف ادا کرنے کی ہدایت کی ہے۔ سولبرگ نے فیصلہ سنایا ہے کہ ویڈیو کی نیتن یاہو کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹوں پر اشاعت انتخابی قانون کی خلاف ورزی ہے کیونکہ اس میں، ایک فوجی اڈے اور اسرائیلی فضائیہ کے ایک طیارے سمیت، عوامی وسائل کا استعمال کیا گیا ہے۔ نیتن یاہو نے مذکورہ ویڈیو کو جس کے پس منظر میں اسرائیلی فضائیہ کا ایک طیارہ بھی نظر آ رہا تھا، 29 ستمبر کو شیئر کی تھی۔ اسرائیلی نشریاتی ادارے چینل 15 کے مطابق جج نے خبردار کیا ہے کہ ایسے اشارے موجود ہیں کہ دشمن انتخابات سے قبل اسرائیل پر حملہ کرنے کی کوشش کریں گے۔

Cluster University of Srinagar

Employment Notice No: 06-CUS of 2026

Dated: 06-10-2026

Online applications are invited from eligible candidates for the position of Programmer on Consolidated basis, the details of which are available on the Cluster University website www.cusrinagar.edu.in. Candidates are advised to go through the detailed employment notification available on the university website.

Important Dates:

Date of availability of online application form:	08-10-2026
Last date for submission of online application form:	21-10-2026
Last date for submission of printout of application form along with enclosures:	25-10-2026

Sd/- Registrar
Cluster University of Srinagar

DIPK-6494/26
Dated: 07/10/2026

DISTRICT POLICE HEADQUARTERS SRINAGAR

Shergarhi, Opposite Iqbal Park Srinagar, Jammu & Kashmir 190009

Email.dposrinaaar@ikDolice.aov.in Tele: 2311324 Fax: 2311322

Final Show Cause Notice

R/Ct. Hilal Ahmed Shaikh
No. 38.00/S EXK156179
S/0 Shri Ghulam Rasool
R/O Baran Pathar Batamaloo Srinagar.

Whereas, among others, you R/CT Hilal Ahmad Shaikh No. 3800/S EXK156179 S/o Shri Ghulam Rasool R/O Baranpather Batamallo Srinagar selected for undergoing 'Basic Recruit Training Course' at STC Sheeri w.e.f 18/05/2026 in terms of PHQ J&K, order No. 1548/2026 dated 15.05.2026.

Whereas, pursuant to PHQ directives, you were accordingly relieved from this District vide relieving order issued under endstt. No. Estt/CRC-IV/3800/2026/22685-99 dated 16/05/2026 wherefrom you absented unauthorisedly from training w.e.f 07/06/2026 as reported by Principal, STC Sheeri vide signal No. TRG/BRTC-02/2026/3383 dated 10/06/2026 & No. STC/TRG-BRTC-02/2026/3457 dated 13/06/2026.

Whereas, despite summons issued through local PS and duly executed by the SHO, followed by a notice issued vide this office letter No. Estt/CRC-V/3800/2026/30305-06 dated 13/07/2026, calling upon you to explain within (03) days positively why stern departmental action, including discharge from service under the relevant provisions of J&K police rules, shall not be initiated against you for failing to report back at PTS Kathua and resume the mandatory training.

Whereas, you subsequently submitted your reply through DySP (DAR) DPL Srinagar vide letter No. DAR/SGR/DE/12178 dated 21/07/2026, stating that you remained absent due to serious medical complications. However, upon examination, it has been found that you remained absent from training unauthorisedly at your own will and failed to intimate either the concerned training authority or this office through any proper or lawful channel regarding your medical condition, treatment of surgery. You left the training without obtaining prior permission from the competent authority and remained absent from training and duty w.e.f 07/06/2026 which has adversely affected discipline and set a wrong precedent among other police personnel. Such conduct amounts to a breach of discipline and unauthorised absence from duty/mandatory BRTC constitutes a serious act of misconduct and may attract action under the provisions of Article 128 J&K CSR Vol-Ist, besides other relevant service rules. Thus, a prima facie case of misconduct is made out against you.

Whereas, a final Notice was issued to you vide No. Estt/CRC-V/3800/2026/31916-18 dated 23/07/2026 calling upon you to explain, within (07) days positively as why you should not be removed/discharged from service under the relevant provisions of the J&K Police under rules for your repeated failure to undergo the mandatory BRTC and for your persistent acts of indiscipline.

Whereas, you submitted your reply through DySP (DAR) DPL Srinagar vide letter No. DAR/SGR/DE/12942 dated 03/08/2026, wherein you stated that you would complete the mandatory training with the ongoing batch or at any other training centre in next batch, while seeking one final opportunity to complete the mandatory BRTC in accordance with the applicable rules and departmental instructions; upon examination of your reply and scrutiny of your service record, it has been found that you had already been afforded a final opportunity when you were selected at STC Talwara in year 2025, but you remained absent for (91) days. Your repeated failure to avail the opportunities afforded to you clearly reflects a persistent lack of discipline and disregard for lawful departmental instructions. The reasons advanced by you from time to time have also been examined and found neither genuine nor acceptable.

Whereas, the consequences of refusal or failure to undergo BRTC were duly explained to you in terms of PHQ J&K vide circular order No. 242/2003 dated 17/01/2003 read with PHQ J&K circular No. Pers/25/2024/245-55 dated 11/05/2024, No. AIG/P/BRTC/26/1582-85 dated 13/04/2026, No. Trg/55/2026/2171 dated 17/07/2026 wherein it has been directed that Recruit Constables who refuse or fail to undergo the mandatory BRTC are liable to be discharged from service. Despite giving an assurance that you would complete the training with the next available batch, you have again failed to do so even (11) years, of your appointment, thereby violating the provisions of Rules 177, 187, 797 & 810 of J&K Police Rules governing probation and mandatory training.

Whereas, pursuant to the directions of PHQ J&K, Srinagar communication bearing No. Trg/55/2026/2194 dated 01/08/2026 for initiation the process of discharging you from the police department on the following reasons and asked for detailed report within (10) positively:

o Those who are appointee of year 2013 to 2023 be selected but failed to join or remained absent from training resulting their reversion clearly indicates that they are not willing to undergo the mandatory BRTC.

o Existing legal provisions are being cited to underline the consequences of not completing the BRTC within a given time limit:

> A probationer has to clear the BRTC within the period of probation otherwise, he/she is liable to be discharged (PR 177,187, 797 & 810).

> No Annual Increment be allowed to the probationer until he/she clears the BRTC within the period of probation (Art. 84 of service regulations).

A show cause notice was issued to you vide No. Estt/CRC- V/3800/2026/33958-59 dated 06/08/2026 calling upon you to explain, within (07) days positively as why you should not be removed/discharged from service under the relevant provisions of the J&K Police under rules for your repeated failure to undergo the mandatory BRTC and for your persistent acts of indiscipline, in case no reply is received within the stipulated period, it shall be presumed that you have nothing to say in your defence, and appropriate action, as warranted under rules shall be taken against you accordingly.

Whereas, in response, you approached this office through an application supported by an affidavit, duly attested on 07/08/2026, requesting permission to resume and completion the mandatory BRTC with the ongoing batch at STC Sheeri or at any other designated training centre with the next batch. The matter was accordingly takenup with PHQ J&K vide this office letter No. Estt/CRC- IV/3800/2026/34381-84 dated 10/08/2026. However, the earlier directions of PHQ J&K were not modified and remain in force.

Whereas, your service record has been perused and it has been found that you have been appointed as Constable in District Srinagar vide DPO Srinagar order No. 831/2015 dated 23/10/2015 and are yet to complete the mandatory BRTC. You had earlier been selected for BRTC on the following occasions but failed to undergo the training:-

S.No	Earlier selection for BRTC	BRTC Conducted	Reason for not undergone the BRTC
1	Trg/118/15/2416 dated 18/11/2015	crc Lethpora	One week Pack Drill and Deriod of desertion w.e.f 26/11/2015 to 12/12/2015 i.e, (17) days treated as Earned Leave.
2.	Trg/18/18/48218 dated 10/07/2018.	STC Sheeri	Censure and Deriod of desertion w.e.f 14/07/2018 to 29/08/2018 i.e, (47) days treated as Earned Leave.
3.	Trg/118/19/65485 dated 09/11/2019	PTS Kathua	Written Warnina and Deriod of desertion w.e.f 16/11/2019 to 04/01/2020 i.e, (51) days treated as Diesnon.
4.	Trg/118/21/52830 dated 06/09/2021	PTS Manigam	Censure and Deriod of desertion w.e.f 18/09/2021 to 28/10/2021 i.e, (41) days treated as Earned Leave.
5.	736/2022 dated 28/02/2022	PTS Kathua	Post Facto Sanction and Deriod of desertion w.e.f 06/03/2022 to 25/03/2022 i.e, (20) days treated as Earned Leave.
6.	Trg/118/2022/58306 dated 03/11/2022	STC Sheeri	Period of desertion w.e.f 10/11/2022 to 29/09/2023 i.e, (325) days treated as Diesnon.
7.	Trg/73/2023/1464 dated 14/03/2024	PTS Manigam	Period of desertion w.e.f 27/03/2024 to 20/07/2024 i.e, (113) days treated as Diesnon.
8.	Trg/110/2024/753 dated 18/02/2025	STC Talwara	Final ODDortunity and Deriod of desertion w.e.f 23/02/2025 to 25/05/2025 i.e, (91) days treated as Diesnon.

Whereas, your service records further reveals that you have repeatedly remained absent from training, resulting in enquires into your unauthorised absence, recording of huge period of absence (580) days of Diesnon, and imposition of two (02) censures besides a one week pack drill, written warning. You were also granted a final opportunity during your earlier selection at STC Talwara to complete the mandatory BRTC before being permitted to resume duties.

Whereas, your repeated failure to undergo the mandatory BRTC clearly establishes that you are deliberately avoiding the training, despite repeated opportunities, and have shown complete disregard for lawful orders and departmental discipline. In this backdrop, it has been concluded that your continued conduct reflects gross indiscipline, wilful disobedience of lawful orders and complete lack of interest in serving the Police Department. Accordingly, the undersigned is of the opinion that your case warrants action under the relevant provisions of the J&K Police Rules and the instructions issued by PHQ from time to time.

Therefore, I Dr. G.V. Sundeep Chakravarthy-IPS Sr. Superintendent of Police, Srinagar, hereby call upon you, R/Ct Hilal Ahmad Shiekh No. 3800/S EXK156179 S/O Shri Ghulam Rasool Shiekh R/o Baranpather Batamallo Srinagar, to show cause within (07) days from the date of issuance of this notice as to why should not be removed/discharged from service under the relevant provisions of the J&K Police Rules for your repeated failure to undergo the mandatory BRTC and for your persistent acts of indiscipline in light of PHQ fresh directives, in case no reply is received within the stipulated period, it shall be presumed that you have nothing to say in your defence, and appropriate action, as warranted under rules shall be taken against you accordingly.

Senior Superintendent of Police,
District Srinagar

DIPK-6491/26
Dated: 07/10/2026

PUBLIC NOTICE

My father's name in my school records has been mispelled as Parveez Ahmad Bhat while as his actual name as per Aadhaar card is Parvaiz Ahmad Bhat. Now i have applied for the correction of the same if anybody having any objection in this regard he/she may file the same in the office of the Principal R.P School Zakura within a period of seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained.

Muhammad Ayaan Bhat
S/o Parvaiz Ahmad Bhat
(Correct Name)

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER MECHANICAL

SRINAGAR MUNICIPAL CORPORATION

GIST OF E-NIT

NO. 04 /e-TENDERING/2026-27

DATED: 28 / 09 /2026

For and on behalf of the Commissioner Srinagar Municipal Corporation,e-tenders in two bid cover system are invited for Annual Rate Contract for the Supply of different sizes of tyres on rate contract basis to SMC for a period of one year for the Vehicles & Machines of Srinagar Municipal Corporation.

1	Estimated Cost	Rs. 40 Lacs
2	Cost of Tender document to be deposited in the J&K Bank Branch Balgarden under Account No: CD-021601020000007 through pay in slip receipt, in favour of FA/Chief Account Officer, SMC	Rs. 1000/-
3	Earnest Money	2% of total value
4	Date & time of Online Submission of Bid	29/09/2026 5.00 pm to 19 / 10 /2026 12.00pm
5	Date & time of opening of Bid	22/10 /2026at 2.00pm

Detailed e-NIT with terms and conditions can be downloaded from www.jktenders.gov.in

Sd/- Executive Engineer Mechanical
Srinagar Municipal Corporation.

DIPK-NB-1815/26
Dated: 07/10/2026

Government of Jammu & Kashmir

Office of the Executive Engineer, Mechanical & Hospitals Division Baramulla

e-mail, ID: xenmhd.bla@jk.gov.in

CORRIGENDUM-II

Subject: - Extension of Critical Dates of e-NIT No. 93 of 2026-27; Dated:- 26-09-2026.

Reference: -Tender ID: - 2026_PWDJK_326152_1

In view of the poor response to the aforementioned eNIT, the critical dates are hereby extended as under:

S. No	Description	Re-Scheduled date
1	Date of Downloading	26-09-2026 (06:15 PM) to 14-10-2026 (06:00 PM)
2	Date of uploading	26-09-2026 (06:15 PM) to 14-10-2026 (06:55 PM)
3	Due date of opening of tender	15-10-2026 (01:00 PM)

Sd/- Executive Engineer
Mechanical & Hospitals Division Baramulla

DIPK-6502/26
Dated: 07/10/2026

بھارت-امریکہ تجارتی تعلقات مضبوط بنانے کیلئے پیوش گوئل کی امریکی کمپنیوں سے ملاقاتیں

مالی خدمات، مینوفیکچرنگ، توانائی، ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور

نیویارک، 7 اکتوبر (پی آئی بی): مرکزی وزیر تجارت وصنعت پیوش گوئل نے اس ہفتے نیویارک میں امریکہ کی معروف کمپنیوں کے کئی اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں بھارت اور امریکہ کے درمیان تجارت کو مزید مضبوط بنانے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا اور بڑی امریکی کمپنیوں کو بھارت میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے کی دعوت دی گئی۔ پیوش گوئل نے بلیک اسٹون کے صدر اور چیف آپریٹنگ آفیسر جوناتھن گرے اور بلیک اسٹون کے انفراسٹرکچر، پرائیویٹ ایکویٹی کاروبار کے چیئرمین پرکاش میلوانی سے ملاقات کی۔ اس دوران بھارت کے اہم شعبوں میں بلیک اسٹون کی سرمایہ کاری اور شراکت داری کو مزید وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مرکزی وزیر نے بلومبرگ کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر جارج وا کر اور کمپنی کی اعلیٰ قیادت کے ارکان سے بھی ملاقات کی۔ بات چیت میں سرمایہ کاری کے روابط کو مزید گہرا کرنے اور مالی و دولت کے انتظام سے متعلق خدمات کے شعبے میں تعاون مضبوط بنانے کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ پیوش گوئل نے ڈی ای شا گروپ کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر اور دیگر عہدیداروں سے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر بھارت میں کمپنی کی ترقی کے امکانات، مینوفیکچرنگ اور مصنوعات کی خریداری کے عمل میں اضافے کے ساتھ ساتھ ملک میں خوبصورتی اور ذاتی نگہداشت کی مصنوعات کی بڑھتی ہوئی مارکیٹ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی بی ایم کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر اروند کرشنا کے ساتھ ملاقات میں بھارت میں آئی بی ایم کی سرگرمیوں کو مزید مضبوط بنانے اور مصنوعی ذہانت، کلاؤڈ انفراسٹرکچر، کوانٹم کمپیوٹنگ اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں تعاون کو وسعت دینے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ میٹ لائف کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر مشیل اے خلف کے ساتھ ملاقات میں بھارت میں کمپنی کی ترقی کے مواقع اور ملک کے بڑھتے ہوئے انشورنس اور مالی خدمات کے شعبے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مرکزی وزیر نے جنرل اٹلانٹک کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ولیم ای فورڈ سے بھی ملاقات کی۔

وزیر دفاع نے دفاعی صنعت کیلئے ٹیسٹنگ سہولیات کے نظرثانی شدہ ضابطے کو منظوری دی

پروف اور ٹیسٹنگ فیس ختم، ملکی دفاعی صنعت کیلئے سہولیات تک رسائی آسان بنانے پر توجہ

نئی دہلی، 7 اکتوبر: نیوز ڈیسک: وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے بھارتی دفاعی صنعت کی جانب سے وزارت دفاع کے پروف رینجز، فیلڈ فائرنگ رینجز اور ٹیسٹنگ سہولیات کے استعمال کے لیے نظرثانی شدہ اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجر (ایس او پی) کی منظوری دی ہے۔ نظرثانی شدہ ایس او پی میں وزارت دفاع کی پروف رینجز اور لیبارٹری ٹیسٹنگ سہولیات کی الاٹمنٹ اور استعمال کے لیے تفصیلی اور آسان طریقہ کار کے ساتھ ساتھ ضروری فارمیٹس بھی شامل کیے گئے ہیں۔ نظرثانی شدہ ایس او پی کے تحت وزارت دفاع کے آئی ڈی ای ایکس، ٹی ڈی ایف، میک اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کے لیے پروف اور ٹیسٹنگ چارجز ختم کر دیے گئے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد دفاعی شعبے میں خود انحصاری کو فروغ دینا ہے۔ ایس او پی میں ڈی آر ڈی او اور سرکاری کوالٹی اشورنس اداروں اور مسلح افواج کے پاس دستیاب پروف رینجز، فیلڈ فائرنگ رینجز اور لیبارٹری ٹیسٹنگ سہولیات کی فہرست بھی شامل کی گئی ہے جنہیں بھارتی دفاعی صنعت استعمال کر سکے گی۔ جہاں پروف یا ٹیسٹنگ فیس لاگو ہوگی، وہاں اس کے حساب اور ادائیگی کا طریقہ کار بھی ایس او پی میں شامل کیا گیا ہے۔ اس سے صنعت کے لیے دستاویزی کارروائی اور مجموعی عمل کو آسان بنانے میں مدد ملے گی۔ موجودہ ایس او پی میں شامل شرائط کی جگہ ایک آسان اور صنعت دوست نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ اس کا مقصد وزارت دفاع اور صنعت کے درمیان معاہدے کی شرائط کو ہم آہنگ کرنا ہے۔ اس کا مقصد دفاعی صنعت کو درپیش مسائل کو دور کر کے کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنا ہے۔ نظرثانی شدہ ایس او پی کے تحت پروف رینجز اور ٹیسٹنگ سہولیات کی فراہمی مخصوص منصوبوں تک محدود نہیں رہے گی۔ یہ حکومت کی سرپرستی میں چلنے والے ترقیاتی منصوبوں، جن میں آئی ڈی ای ایکس، ٹی ڈی ایف، میک اور وزارت دفاع کے دیگر ترقیاتی منصوبے شامل ہیں، کے پروف فائرنگ کے لیے مختص ہوگی۔ اس کے علاوہ ملکی دفاعی صنعت کی اپنی جانب سے شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں کو بھی اس سہولت سے فائدہ حاصل ہوگا۔ نظرثانی شدہ ایس او پی کا مقصد پروف رینجز، فیلڈ فائرنگ رینجز اور ٹیسٹنگ سہولیات تک دفاعی صنعت کی رسائی کو آسان، شفاف اور صنعت دوست بنانا ہے۔ اس میں دفاعی شعبے میں مقامی پیداوار، اختراع اور برآمدات کو فروغ دینے کے لیے حکومت کی مختلف پہلوؤں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھارتی دفاعی صنعت کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے پروف اور ٹیسٹنگ معاونت فراہم کرنے پر بھی توجہ دی گئی ہے۔

لوک سبھا اسپیکر کا سابق اسپیکر بالی رام بھگت کو خراج عقیدت پیش

آئین سدن کے مرکزی ہال میں ان کی تصویر پر پھول چڑھائے گئے

نئی دہلی، 7 اکتوبر: نیوز ڈیسک: لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے بدھ کے روز سابق لوک سبھا اسپیکر بالی رام بھگت کی یوم پیدائش کے موقع پر آئین سدن کے مرکزی ہال میں ان کی تصویر پر پھول چڑھا کر خراج عقیدت پیش کیا۔ لوک سبھا کے سیکریٹری جنرل اتپل کمار سنگھ نے بھی بالی رام بھگت کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بالی رام بھگت ایک ممتاز مجاہد آزادی، تجربہ کار پارلیمانی رہنما اور پارلیمانی طریقہ کار کے گہرے علم کے حامل سیاست دان تھے۔ وہ 5 جنوری 1976 کو پانچویں لوک سبھا کے اسپیکر منتخب ہوئے تھے۔ وہ عارضی پارلیمنٹ کے علاوہ پہلی، دوسری، تیسری، چوتھی، پانچویں، ساتویں اور آٹھویں لوک سبھا کے رکن رہے۔ مرکزی وزیر کی حیثیت سے بالی رام بھگت نے خزانہ، منصوبہ بندی، دفاع، خارجہ امور، بیرونی تجارت و رسد، اسٹیل اور بھاری انجینئرنگ سمیت اہم محکموں کی ذمہ داریاں سنبھالیں۔ انہوں نے فروری 1993 میں ہماچل پردیش کے گورنر کی حیثیت سے چار ماہ خدمات انجام دیں، جبکہ 30 جون 1993 سے یکم مئی 1998 تک راجستھان کے گورنر رہے۔ بالی رام بھگت کا 2 جنوری 2011 کو نئی دہلی میں انتقال ہوا۔

بھارت اور گھانا نے زرعی تحقیق، تعلیم اور ٹیکنالوجی منتقلی کیلئے تاریخی مفاہمت نامے پر دستخط کئے

زرعی پیداوار، فصلوں کے بعد کے انتظام اور ٹیکنالوجی کے تجارتی استعمال پر تعاون کی یقین دہانی

نئی دہلی، 7 اکتوبر (پی آئی بی): بھارت اور گھانا نے زرعی تحقیق، تعلیم اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ایک مفاہمت نامے (ایم او یو) پر دستخط کیے ہیں۔ یہ مفاہمت نامہ انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ (آئی سی اے آر)، نئی دہلی اور کرو، گھانا میں قائم کراپس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (سی ایس آئی آر-سی آر آئی) کے درمیان طے پایا۔ دستخط کی تقریب میں بھارت کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور گھانا کے وزیر خارجہ سیموئیل اوکودزیتو ابلکوا نے شرکت کی۔ پانچ سالہ مفاہمت نامہ مشترکہ زرعی تحقیق، سائنسی و تکنیکی تبادلے، صلاحیت سازی اور زرعی ٹیکنالوجیز کے استعمال و تجارتی فروغ کیلئے تعاون کا فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ اس تعاون میں گھانا کی کمپنی اے آر اے اکو فارم لمیٹڈ نے اہم کردار ادا کیا ہے، جسے مخصوص تحقیق اور تجارتی سرگرمیوں کیلئے سی ایس آئی آر-سی آر آئی کا تجارتی شراکت دار تسلیم کیا گیا ہے۔ تعاون کے پہلے مرحلے میں سبزیوں کی فصلوں پر تحقیق، بالخصوص ٹماٹر کی تحقیق اور ترقی پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اس تعاون کے تحت آئی سی اے آر سے موزوں زرعی ٹیکنالوجیز کے بڑے پیمانے پر استعمال اور زیادہ پیداوار دینے والی ٹماٹر کی موزوں اقسام اور لائنوں کو متعارف کرانے میں مدد کرے گا، جس سے گھانا میں ٹماٹر کی مقامی پیداوار کو مضبوط بنانے میں معاونت ملے گی۔ شراکت داری میں کسوا، شکر قندی اور دیگر جڑ والی فصلوں کی پروسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن پر بھی توجہ دی جائے گی، تاکہ زرعی ویلیو چین کو مضبوط بنایا جا سکے۔ تعاون کے دائرے میں فصلوں کی کٹائی کے بعد کے انتظامات بھی شامل ہوں گے، جن میں کولڈ اسٹوریج، ریفریجریٹڈ ٹرانسپورٹ، چھانٹی، درجہ بندی اور پروسیسنگ ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تکنیکی معاونت اور صلاحیت سازی شامل ہے۔

وزیر اعظم 8 اکتوبر کو انڈیا موبائل کانگریس کے دسویں ایڈیشن کا افتتاح کریں گے

نئی دہلی، 7 اکتوبر (پی آئی بی): وزیر اعظم نریندر مودی 8 اکتوبر 2026 کو صبح تقریباً 10 بجے نئی دہلی کے یشوبھومی میں انڈیا موبائل کانگریس (آئی ایم سی) کے دسویں ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔ وہ اس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ محکمہ ٹیلی کمیونیکیشنز (ڈی او ٹی) اور سیلولر آپریٹرز ایسوسی ایشن آف انڈیا (سی او اے آئی) کے مشترکہ تعاون سے منعقد ہونے والا یہ پروگرام 7 سے 10 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ آئی ایم سی 2026 کا موضوع "اسکیل بیونڈ باؤنڈریز" یعنی "لامحدود وسعت" ہے، جو ڈیجیٹل اختراع، اگلی نسل کی کنیکٹیویٹی اور ٹیکنالوجی پر مبنی ترقی کے میدان میں بھارت کی بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کی عکاسی کرتا ہے۔ آئی ایم سی 2026 کے چار اہم ستون "سرشٹی: مستقبل کی تعمیر"، "سم وردھن: ترقی کو فروغ"، "سنسکرتی: مواقع کو وسعت" اور "سرکشا: اعتماد کو مضبوط بنانا" ہوں گے۔ کانگریس میں اختراع اور اگلی نسل کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، ٹیکنالوجی پر مبنی اقتصادی ترقی، جامع ڈیجیٹل رسائی اور محفوظ و مضبوط ڈیجیٹل نظام کی ترقی پر توجہ دی جائے گی۔

دہلی سرکل میں 28 اکتوبر کو ڈاک عدالت منعقد ہوگی

پوسٹل خدمات سے متعلق زیر التوا شکایات سنی جائیں گی

نئی دہلی، 7 اکتوبر (پی آئی بی): محکمہ ڈاک کے دہلی سرکل کی جانب سے قومی دارالحکومت خطہ دہلی/دہلی ریاست میں پوسٹل خدمات سے متعلق شکایات کے ازالے کیلئے ماہانہ سرکل سطح کی ڈاک عدالت 28 اکتوبر 2026 (بدھ) کو صبح 11 بجے منعقد کی جائے گی۔ ڈاک عدالت چیف پوسٹ ماسٹر جنرل، دہلی سرکل کے دفتر، تیسری منزل، میگھدوت بھون، جھنڈے والان میٹرو اسٹیشن کے قریب، نئی دہلی-110001 میں منعقد ہوگی۔ چیف پوسٹ ماسٹر جنرل، دہلی سرکل کا دفتر ڈاک عدالت میں ہر شکایت کنندہ کی انفرادی طور پر سماعت کرے گا اور عوام کی شکایات اور مسائل کو موقع پر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ڈاک عدالت کا مقصد عوامی شکایات اور مسائل کی ذاتی سماعت کرنا اور موقع پر ہی ان کا ازالہ فراہم کرنا ہے۔ پوسٹل خدمات سے متعلق شکایات اسسٹنٹ ڈائریکٹر (سی ایس)، دفتر چیف پوسٹ ماسٹر جنرل، دہلی سرکل، نئی دہلی-110001 کے پاس زیادہ سے زیادہ 19 اکتوبر 2026 (پی ایف) تک پہنچ جانی چاہئیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی شکایات کو ڈاک عدالت میں سماعت کیلئے قبول نہیں کیا جائے گا۔ شکایت واضح اور مختصر ہونی چاہیے۔

بھارتی پارلیمانی وفد نے تنزانیہ میں آئی پی یو اسمبلی کے اجلاس میں شرکت جاری رکھی

وفد کے ارکان نے مختلف کمیٹیوں کے اجلاسوں اور مباحثوں میں حصہ لیا

نئی دہلی، 7 اکتوبر (پی آئی بی): راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش کی قیادت میں بھارتی پارلیمانی وفد نے 6 اکتوبر 2026 کو تنزانیہ کے اروشا میں منعقدہ بین الاقوامی پارلیمانی یونین (آئی پی یو) کی 153 ویں اسمبلی کے دوسرے روز بھی مختلف اجلاسوں اور سرگرمیوں میں شرکت جاری رکھی۔ لوک سبھا کے رکن پارلیمنٹ اور آئی پی یو کی صحت سے متعلق کمیٹی کے رکن ڈاکٹر سنجے جیسوال نے آئی پی یو کی صحت کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کی اور کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ ایک فیلڈ وزٹ بھی کیا۔ راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے آئی پی یو کی 153 ویں اسمبلی کے اجلاسوں میں شرکت کی اور کشمیر سے متعلق پاکستان کی جانب سے کیے گئے غیر ضروری ریمارکس پر حق جواب استعمال کیا۔ اسمبلی کے اجلاس میں انہوں نے کہا کہ کشمیر بھارت کا اٹوٹ اور ناقابل تنسیخ حصہ ہے اور پاکستان کو بھارت کے اندرونی معاملات پر تبصرہ کرنے کا کوئی حق نہیں۔ لوک سبھا کے رکن پارلیمنٹ انوراگ سنگھ ٹھاکر نے جمہوریت اور انسانی حقوق سے متعلق قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے "سب کیلئے جامع سماجی ترقی: معذور افراد کے حقوق اور بااختیاری کے فروغ کیلئے پارلیمانی حکمت عملیاں" کے عنوان سے مجوزہ قرارداد پر بحث میں بھی حصہ لیا۔

ہندی کے فروغ کیلئے مواقع اور شراکت داری پیدا کی جائے / جتیندر سنگھ

سرکاری ہندی آسان اور روزمرہ استعمال کے قریب ہونی چاہیے، مسلط نہ کیا جائے

نئی دہلی، 7 اکتوبر: نیوز ڈیسک: مرکزی وزیر مملکت برائے سائنس و ٹیکنالوجی، ارضیاتی علوم اور وزیر اعظم دفتر کے ساتھ عملہ، عوامی شکایات، پنشن، جوہری توانائی اور خلائی امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ہندی کے فروغ کے لیے اس کا استعمال مسلط کرنے کے بجائے زبان میں زیادہ مواقع اور مفادات پیدا کرنے پر توجہ دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہندی کا علم روزگار اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع فراہم کرے گا تو اس کا استعمال خود بخود بڑھے گا۔ وہ آج وزارت عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کی ہندی مشاورتی کمیٹی کے تیسرے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر محکمہ عملہ و تربیت (ڈی او پی ٹی) کی "کوشل پتریکا" بھی جاری کی گئی۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ ہندی مشاورتی کمیٹی کے ارکان کی جانب سے موصول ہونے والی تجاویز کو نوٹ کرلیا گیا ہے اور محکمہ ان پر عمل درآمد کے لیے سنجیدہ کوششیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جو تجاویز محکمے کے دائرہ اختیار سے باہر ہوں گی، انہیں متعلقہ وزارتوں اور محکموں کو بھیجا جائے گا تاکہ مناسب سطح پر ان کا جائزہ لیا جا سکے۔ وزیر نے وزارت ہنر مندی کی جانب سے منعقد کیے جانے والے مقابلوں میں زبان کے اختیارات سے متعلق ایک تجویز کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایسے اختیارات چھوٹے قصبوں، شہروں اور دیہی علاقوں کے مستحق افراد کے لیے ان اقدامات تک رسائی آسان بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں مناسب ہو وہاں زبانی امتحان سمیت مختلف زبانوں کے اختیارات فراہم کرنے سے ایسے پروگرام زیادہ لوگوں کے لیے قابل رسائی ہو سکتے ہیں اور یہ تجویز متعلقہ وزارت تک پہنچائی جا سکتی ہے۔

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف نیچروپیتھی پونے میں

BNYS پروگرام کے لیے داخلے کا اعلان

نئی دہلی، 7 اکتوبر: نیوز ڈیسک: وزارت آیوش، حکومت ہند کے تحت نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف نیچروپیتھی (این آئی این) پونے نے تعلیمی سیشن 2026-27 کے لیے بیچلر آف نیچروپیتھی اینڈ یوگک سائنسز (بی این وائی ایس) ڈگری پروگرام میں داخلے کے لیے درخواستیں طلب کی ہیں۔ داخلے این آئی این کے پونے والے وارڈ، پونے میں واقع مرکزی کیمپس نسرگ گرام میں دیے جائیں گے۔ وزارت آیوش کے تحت ایک خودمختار ادارے کے طور پر این آئی این مہاتما گاندھی کے نیچروپیتھی اور یوگا سے متعلق وژن کو آگے بڑھاتے ہوئے صحت، تعلیم، تربیت اور تحقیق کے شعبوں میں کام کر رہا ہے۔

PUBLIC NOTICE

It is notified for the information of the General Public that my Parentage in my Service records under PID No. EXK/921277, Belt No.293/KGM, has been wrongly entered as GHULAM MOHMAD SOFI while my correct Parentage as per legal or academic records is GH AHMAD SOFI. Now I want the same to be corrected if anybody has any objection in this regard He/ She may file his /her objection in the Office of the D.P.O Anantnag / S.S.P Office Anantnag, within a period of seven (7) days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.

Abdul Majeed Sofi S/O Gh Ahmad Sofi R/O Larkipora Awantipora Pulwama JNA7780878931

JAMIAT AHLIHADEES

JAMMU & KASHMIR

Address: Jamiat Manzil, Barbar Shah, Srinagar - 190001

COMPUTER OPERATORS REQUIRED

Male: 02 | Female: 02

- Qualification: Graduate with Diploma in Computers
- Skills: Well versed in MS Office, InPage, CorelDRAW & Drafting
- Experience: 1 Year Salary: Negotiable

Submit Resume along with Certificates

LAST DATE: 16/10/2026

CONTACT: 7006911231

إِنَّا لِلَّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

ہم سب اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

تعزیت نامہ



جناب محمد لطیف صوفی

فاتحہ خوانی:

(2:45 PM)

سوگواران: اہل خانہ اور پسماندگان

از عدالت جنات ڈسٹرکٹ جج صاحب بڈگام

باجلاس O.P. Bhagat

1. Amina Bano aged 66 years W/o Bashir Ahmad Dar 2. Nusrat Bashir 3. Ruheena Bashir 4. Umer Bashir Dar Daughters and son of Bashir Ahmad Dar All Residents of Bun Makhama Magam Budgam (Applicants)

بنام

PUBLIC AT LARGE (NON-APPLICANT)

سرٹیفکیٹ جانشینی

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص و عام

معاملہ مندرجہ ذیل عنوان الصدر میں سائل/سائیلان نے ایک درخواست نسبت جانشینی سرٹیفکیٹ بابت حصول رقم مبلغ 17,78,821 پیش عدالت ہذا کی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا اشخاص کو سرٹیفکیٹ مذکورہ کے اجراء کے جانے پر کوئی عذر یا اعتراض ہے تو وہ عدالت ہذا میں تا تاریخ 15.10.2026 خود آکر پیش کریں۔ بعد گزرنے میعاد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

ڈسٹرکٹ جج بڈگام

از عدالت جنات ڈسٹرکٹ جج صاحب بڈگام

باجلاس O.P. Bhagat

1. Aaqila Ali aged 29 years W/o Parvaiz Ahmad Mir R/o Wahabpora Tehsil & District Budgam 2. Anees Ali Malik aged 27 years S/o Late Ali Mohammad Malik R/o Sonpoh Beerwah Budgam 3. Raheela Ali Aged 24 years D/o Ali Mohammad Malik R/o Sonpah Beerwah Budgam 4. Sameena Ali aged 30 years W/o Maqbool Hussain Dar R/o Bathipora Khag Budgam (Applicant) 5. Fatima Begum aged 77 years W/o Late Ali MOhammad Malik R/o Sonpah Budgam (Applicants)

بنام

PUBLIC AT LARGE (NON-APPLICANT)

سرٹیفکیٹ جانشینی

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص و عام

معاملہ مندرجہ ذیل عنوان الصدر میں سائل/سائیلان نے ایک درخواست نسبت جانشینی سرٹیفکیٹ بابت حصول رقم مبلغ 17,77,546 پیش عدالت ہذا کی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا اشخاص کو سرٹیفکیٹ مذکورہ کے اجراء کے جانے پر کوئی عذر یا اعتراض ہے تو وہ عدالت ہذا میں تا تاریخ 15.10.2026 خود آکر پیش کریں۔ بعد گزرنے میعاد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

ڈسٹرکٹ جج بڈگام

THE JAMMU AND KASHMIR BOARD OF SCHOOL EDUCATION NEW CAMPUS,BEMINA SRINAGAR

ATTENTION PLEASE

The candidate whose photograph is above reports that he/she has lost his/her qualification certificate/s having the following description:- Roll No.: 421468 Class: 10th 2007 Annual Private Year & Session: 2007 Annual Private Registration No.: 05NKF312533 Name: Shabroza Mohi ud din Father's Name: Gh Mohi ud din Dar Mother's Name: Taja D.O.B: 30.11.1988 Residence: Madwan Tehsil Hajin. Now the candidate has applied for issuance for DUPLICATE QUALIFICATION CERTIFICATE/S. Before the case will be processed under rules, if somebody have any kind of objection in this regard he/she shall approach the office of the undersigned within 07 days from the date of publishing of this notice after expiring date no objection shall be entertained.

(Besides, the losted "QUALIFICATION CERTIFICATE", bearing Serial No. is/are be treated as 'CANCELLED"

No: F(Certs-I-DQC)B/KD/22 Deputy Secretary
Dated:07.10.2026 Certificates-KD

OFFICE OF THE NAIB TEHSILDAR KHANYAR SRINAGAR

Subject: Issuance of legal heir certificte in favour of legal heirs f deceased Noor Mohammad Kathjoo S/o Abdul Rehman Kathjoo R/o Kondabal Rainawari, Srinagar.

NOTICE

The above titled application for issuance legal heir certificate is under process. In this regard, a report has been obtained from the concerned patwari which reveals that Noor Mohammad Kathjoo S/o Abdul Rehman Kathjoo R/o Kondabal Rainawari, Srinagar expired on 1/1/2026 as per death certificate. The deceased has left behind the following legal heirs at the time of his death.

S.No	Name of legal heirs	Age/approx	Relation with deceased	Occupation/Martial Status
1	Dilshada Kathjoo	62	wife	widow
2	Nuzhat Nor	40	daughter	married
3	Faisal Noor	36	Son	married

The applicants seek issuance of legal herls certificte. If any Body of having any objection regarding the matter, he/she may intimate the office Undersigned within office hours for objection within period of seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained

Naib Tehsildar Khanyar, Srinagar

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

تب سے لے کر آج تک وہ مسلسل اقتدار میں رہے ہیں۔ پہلے گجرات کے وزیر اعلیٰ کے طور پر اور 2014 سے وزیر اعظم کے طور پر۔ آج ان کے ٹھیک 25 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ اس موقع پر نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اور مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان سمیت کئی لیڈران نے انہیں مبارکباد دی اور ان کی قیادت، عوامی خدمت اور 'وکست بھارت' کے عزم کی تعریف کی۔

بقیہ نمبر 2

کہ ان کی زندگی کا مقصد 'ماں بھارتی' کی بے لوث خدمت ہے۔ ایسے رضا کاروں کا انہیں ہمیشہ پورا تعاون ملا ہے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ 25 سال کے اس سفر کو صرف ماضی کی یادوں تک محدود نہیں رکھا جا سکتا۔ یہ دن نئے عزم لینے اور ان وعدوں وارادوں کو پورا کرنے کے لیے نئی توانائی حاصل کرنے کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لال قلعے سے انہوں نے "سب کا پریاس" کی بات کہی تھی اور ہندستان کو نئی بلندیوں پر پہنچانے کے لیے اسی اجتماعی جذبے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم نے وکست بھارت 2047- آتم نربھر بھارت اور ہندستان کو عالمی مینوفیکچرنگ ہب بنانے جیسے اہداف کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے لوگوں کی رگوں میں ایسی خود اعتمادی دوڑ رہی ہے جسے کوئی روک نہیں سکتا۔ انہوں نے اپنے سیاسی سفر کے ابتدائی دور کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ 25 سال پہلے جب وہ 50 سال کی عمر میں گجرات کی ذمہ داری سنبھالنے پہنچے، تب ان کی زندگی بنیادی طور پر تنظیم کے کام کے لیے وقف تھی۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان میں انتخابی سیاست میں آگے بڑھنے کی خواہش ہوتی تو وہ بہت پہلے ہی انتخابی میدان میں اتر سکتے تھے، لیکن انہوں نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ انہیں زندگی میں کیا بننا ہے۔ بچپن سے ملی تعلیم یہی تھی کہ مقصد کے لیے زندگی جینی ہے۔ اس لیے جو بھی ذمہ داری ملی، اسے نبھاتے چلے گئے۔ انہوں نے کہا، "کرم ہی میرا دھرم ہے"۔ گیتا کے 'کرم یوگ' کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ان کے لیے کام صرف ایک ذمہ داری نہیں بلکہ ملک کے لیے سادھنا ہے۔ ملک اور اہل وطن کے لیے جینے کی پرواہ کیے بغیر مسلسل کام کرنا ہی ان کا راستہ رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جب بات ملک کی ہو تو اقتدار، عہدے اور عزت کی کوئی اہمیت نہیں رہ جاتی۔ عہدہ اور عزت مل سکتی ہے، لیکن ہندستان جیسی پاک سرزمین نہیں مل سکتی۔ انہوں نے کہا کہ جس ہندستان نے مشکل دور میں بھی پوری انسانیت کو پیغام دیا، اس کی خدمت کا موقع ملنا انمول ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 برسوں میں ان کا جائزہ اس بنیاد پر ہونا چاہیے کہ اس دوران ملک کہاں پہنچا۔ گجرات کے وزیر اعلیٰ کے طور پر ان کا منتر تھا کہ گجرات کی ترقی کے ساتھ ملک کی بھی ترقی ہو۔ اس وقت حکومت چلانے کا تجربہ بھلے نہ ہو لیکن عوام کا اعتماد ان کے پاس تھا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی طاقت پر بھروسہ ان کے برسوں کے کام کا نچوڑ تھا اور عوام کو ساتھ لے کر پالیسیاں بنائی گئیں اور نافذ کی گئیں۔ اسی جذبے کو انہوں نے "وی ول ڈو اٹ" کا منتر بنایا۔ مسٹر مودی نے گجرات کی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ساتھ لے کر کی گئی کوششوں سے نتائج سامنے آئے اور گجرات نے کئی شعبوں میں کر کے دکھایا۔ انہوں نے کہا کہ گجرات سے ملی سیکھ آج بھی ان کے کام آ رہی ہے۔ 2014 میں ملک نے انہیں "پردھان سیوک" کے طور پر خدمت کا بڑا دائرہ دیا۔ اس وقت ملک کے سامنے سنگین چیلنجز تھے۔ مہنگائی بڑھ رہی تھی اور ملک میں مایوسی کا ماحول تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی انہوں نے ہم وطنوں کے سامنے اعتماد رکھا کہ ہندستان ان چیلنجز سے باہر نکلے گا اور "وی ول ڈو اٹ" کے عزم کے ساتھ آگے بڑھے گا۔ وزیر اعظم نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ 12 برسوں میں ملک کی تصویر مکمل طور پر بدل گئی ہے۔ پہلے کوئی بڑا بحران آنے پر ہندستانی معیشت متاثر ہوتی تھی، جبکہ آج عالمی بحرانوں کے درمیان دنیا ہندستان کی صلاحیت اور معیشت کا چرچا کرتی ہے۔ انہوں نے شمسی توانائی، زرعی ترقی اور دیگر شعبوں میں ہندستان کی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 2015 سے 2025 کا دہائی زرعی شعبے کی ترقی کے لحاظ سے اہم رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب نیت صاف اور پالیسی واضح ہوتی ہے تو نتائج بھی آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "سب کا ساتھ، سب کا وکاس" حکومت کا بنیادی اصول رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست کے لیے معاشرے کو ووٹوں کے حساب سے بانٹنے کا رجحان رہا ہے لیکن پانی، بجلی، سڑک یا دیگر بنیادی سہولیات کا مسئلہ کسی ایک طبقے کا نہیں ہوتا۔ مسئلہ سب کا ہے تو حل بھی سب کا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے تمام طبقوں کو ساتھ لے کر چلنے کی کوشش کی ہے اور یہ یقینی بنانے کی کوشش کی ہے کہ کسی کے حق پر کوئی ڈاکہ نہ ڈال سکے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہندستان کو اپنے قدیم وقار کے احیاء کے لیے بڑے اہداف مقرر کرنے ہوں گے۔ انہوں نے سوامی وویکانند اور مہارشی اروبندو کے ہندستان کے روشن مستقبل سے متعلق خیالات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے عظیم رہنماؤں کی ریاضت اور قربانیوں کی وجہ سے آج ملک کے پاس بڑے خواب دیکھنے اور انہیں پورا کرنے کا اعتماد حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'ماں بھارتی' کے ساتھ انصاف تبھی ہوگا جب ملک چھوٹے اہداف تک محدود نہیں رہے گا۔ وکست بھارت، آتم نربھر بھارت اور غربت کے مکمل خاتمے جیسے غیر معمولی اہداف مقرر کرنے ہوں گے۔

بقیہ نمبر 3

ساتھ مل کر کام کرے گی۔ سرکاری میڈیکل کالجوں کے زیر التوا تقرری قوانین کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قوانین تقریباً تیار ہیں اور انہیں حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے تیار کیے گئے قوانین اور موجودہ قوانین میں کچھ تضادات تھے جنہیں دور کیا جا رہا ہے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ حکومت اس عمل میں جلد بازی نہیں کرنا چاہتی تاکہ بعد میں عمل درآمد کے دوران مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تقرری قوانین جلد ہی باضابطہ طور پر جاری کر دیے جائیں گے۔ کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایک جانب کھیلوں کی سہولیات میں توسیع کر رہی ہے اور دوسری جانب کوچ کی تقرری بھی عمل میں لائی جا رہی ہے تاکہ جموں و کشمیر کے نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر تربیتی مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں اولمپک معیار کا سوئمنگ پول قائم کیا گیا ہے اور سال بھر تربیت کی سہولت فراہم کرنے کے لیے اسے شمسی توانائی سے گرم کرنے کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ایک انڈور جمناسٹک ہال کا بھی افتتاح کیا گیا ہے۔ ان کے مطابق کشمیر کے بچوں میں جمناسٹک کے کھیل میں دلچسپی ہے، تاہم مناسب بنیادی ڈھانچے کی کمی تھی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت کرکٹ، فٹبال، ہاکی اور والی بال جیسے روایتی کھیلوں سے آگے بڑھتے ہوئے بچوں کو مزید کھیلوں کے مواقع اور متبادل فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی زندگی کے 25 سال مکمل ہونے پر عمر عبداللہ نے کہا کہ اس اتنے طویل عرصے تک مسلسل انتخابات جیتنا آسان کام نہیں ہے۔ انہوں نے کہا، "میں اپنی اور اپنے ساتھیوں کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔" چیف الیکشن کمشنر سے متعلق احتجاج کے بارے میں عمر عبداللہ نے سوال اٹھایا کہ اگر دی انڈین ایکسپریس کی رپورٹ غلط تھی تو حکومت نے اس کے خلاف ہتک عزت کی کارروائی کیوں نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر رپورٹ درست نہیں ہوتی تو حکومت کم از کم ہتک عزت کا مقدمہ دائر کر سکتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جاری احتجاج حالیہ دنوں دہلی میں انڈیا اتحاد کے رہنماؤں کے اجلاس کے بعد اعلان کیے گئے پروگرام کا حصہ ہیں۔ جموں و کشمیر میں انتخابی فہرستوں کی مجوزہ خصوصی جامع نظرثانی کے بارے میں عمر عبداللہ نے کہا کہ اس مشق کو انتخابات میں مداخلت کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے سابقہ حد بندی کی مشق کا حوالہ دیتے ہوئے الزام لگایا کہ اس کا مقصد بی جے پی کو فائدہ پہنچانا تھا۔ عمر عبداللہ نے کہا، "ہم پہلے ہی ایسی مداخلت کا شکار ہو چکے ہیں۔ ہم ابھی تک حد بندی کو نہیں بھولے ہیں۔"

بقیہ نمبر 4

جس کے ذریعے 29 دسمبر 2025 کو جاری کیے گئے اپنے سابقہ حکم نامے میں جزوی ترمیم کی گئی ہے۔ نظرثانی شدہ حکم نامے کے مطابق، یہ چھٹی پورے صوبہ کشمیر میں صرف 9 اکتوبر کو منائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 5

ڈپٹی کمشنر ادھم پور تھے۔ جموں میونسپل کارپوریشن کے کمشنر دیوانش یادو کو ڈپٹی کمشنر راجوری تعینات کیا گیا ہے، جہاں وہ ابھیشیک شرما کی جگہ لیں گے۔ ابھیشیک شرما کو ڈپٹی کمشنر کپواڑہ مقرر کیا گیا ہے۔ شری کانت بالا صاحب سوسے کو کپواڑہ سے منتقل کر کے چیئرمین، جموں و کشمیر سروسز سلیکشن بورڈ تعینات کیا گیا ہے۔ جتن کشور کو گاندربل سے منتقل کر کے ڈپٹی کمشنر بڈگام مقرر کیا گیا ہے، جبکہ اقبال عامر الحسن خان کو بڈگام سے منتقل کر کے نیشنل ہیلتھ مشن، جموں و کشمیر کا مینیجنگ ڈائریکٹر تعینات کیا گیا ہے۔ روہیش کمار کو ڈپٹی کمشنر سانبہ تعینات کیا گیا ہے، جہاں وہ آیوشی سودان کی جگہ لیں گے۔ آیوشی سودان کو کمشنر جموں میونسپل کارپوریشن مقرر کیا گیا ہے۔ انشو دیوی کو ڈپٹی کمشنر ادھم پور تعینات کیا گیا ہے۔ گاندربل میں شریا سنگھل کو ڈپٹی کمشنر مقرر کیا گیا ہے، جہاں وہ جتن کشور کی جگہ لیں گی۔ کلدیپ کرشن سدھا کو ڈپٹی کمشنر پلوامہ تعینات کیا گیا ہے، جہاں وہ بشارت قیوم کی جگہ لیں گے۔ بشارت قیوم کو کمشنر سری نگر میونسپل کارپوریشن مقرر کیا گیا ہے۔ چرن دیپ سنگھ کو ڈپٹی کمشنر شوپیاں تعینات کیا گیا ہے۔ سینئر انتظامی سطح پر شالین کابرہ، فنانشل کمشنر (ایڈیشنل چیف سیکرٹری)، محکمہ جل شکتی کو محکمہ مال کے انتظامی سیکرٹری کا اضافی چارج دیا گیا ہے اور کمار راجیو رنجن کو اس اضافی چارج سے فارغ کر دیا گیا ہے۔ آشیش چندر ورما، فنانشل کمشنر (ایڈیشنل چیف سیکرٹری)، محکمہ سیاحت کو منتقل کر کے فنانشل کمشنر (ایڈیشنل چیف سیکرٹری)، محکمہ زرعی پیداوار مقرر کیا گیا ہے۔ ایم راجو، کمشنر سیکرٹری، محکمہ جنرل ایڈمنسٹریشن کو محکمہ صحت و طبی تعلیم کے اضافی چارج سے فارغ کر دیا گیا ہے۔ انہیں محکمہ مہمان نوازی و پروٹوکول اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ریلیف، بحالی و تعمیر نو کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ سوگت بسواس کو کمشنر سیکرٹری، محکمہ صحت و طبی تعلیم تعینات کیا گیا ہے۔ آر ایس واز کو کمشنر سیکرٹری، محکمہ ٹرانسپورٹ منتقل کیا گیا ہے۔ انہیں محکمہ شہری ہوابازی اور کمشنر شہری ہوابازی کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے جبکہ وہ محکمہ اطلاعات کی نگرانی بھی جاری رکھیں گی۔ سرمد حفیظ کو محکمہ سماجی بہبود سے منتقل کر کے محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس میں تعینات کیا گیا ہے۔ اوٹی لواسا کو محکمہ ٹرانسپورٹ سے محکمہ سیاحت منتقل کیا گیا ہے جبکہ وہ قبائلی امور کا چارج برقرار رکھیں گی۔ انجلی سہراوت کو جل جیون مشن سے منتقل کر کے سیکرٹری محکمہ عوامی شکایات مقرر کیا گیا ہے۔ راہل یادو کو انتظامی سیکرٹری، محکمہ اطلاعات و ٹیکنالوجی مقرر کیا گیا ہے جبکہ وہ جموں و کشمیر پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ کے مینیجنگ ڈائریکٹر کا عہدہ بھی برقرار رکھیں گے۔ اویس احمد کو انتظامی سیکرٹری، محکمہ منصوبہ بندی، ترقی و نگرانی مقرر کیا گیا ہے جبکہ وہ ڈائریکٹر اسکل ڈیولپمنٹ، جموں و کشمیر کا اضافی چارج بھی برقرار رکھیں گے۔ فاضل الحسیب کو کمشنر سری نگر میونسپل کارپوریشن کے عہدے سے منتقل کر کے محکمہ زرعی پیداوار میں ایڈیشنل سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔ انہیں مشن ڈائریکٹر ایچ اے ڈی پی اور جے کے سی آئی پی کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے۔ جی اے ڈی میں تعیناتی کے احکامات کی منتظر منیتا دو کو ڈائریکٹر محکمہ اطلاعات مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 6

ایک وفد نے آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ وفد میں چیئرمین فاؤنڈیشن عمران رشید اور سیکرٹری عبدالستار بابا شامل تھے۔ انہوں نے آرٹن ایوارڈز کے لیے مسلسل تعاون فراہم کرنے پر لیفٹیننٹ گورنر کا شکریہ ادا کیا۔ دریں اثناء بے اینڈ کے ہینڈلوم کوآپریٹو سوسائٹیز اینڈ ویورز ایسوسی ایشن کے ایک وفد جس کی قیادت اس کے صدر غلام جیلانی زرگر کر رہے تھے، نے لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی اور ایک میمورنڈم پیش کیا جس میں یونین ٹیریٹری میں ہینڈلوم شعبے کی ترقی اور فروغ کے لیے مخصوص اقدامات کو اجاگر کیا گیا۔

بقیہ نمبر 7

کو یقینی بنائیں تاکہ کوئی بھی اہل شہری ووٹر فہرستوں میں اندراج سے باہر نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کے تحت، ویک اینڈ پر ووٹر اندراج اور سہولت کاری کی مہمات باقاعدگی سے منعقد کی جائیں گی، جس سے شہریوں کو اندراج اور انتخابی تفصیلات کی اپ ڈیٹ کے لیے اپنے قریبی پولنگ اسٹیشن سے رجوع کرنے کا آسان موقع ملے گا۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے ضلعی الیکشن افسران، الیکٹورل رجسٹریشن افسران اور اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن افسران کو ہدایت کی کہ وہ اس اقدام کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے وسیع پیمانے پر ادارہ جاتی اور عوامی رابطے قائم کریں۔

بقیہ نمبر 8

8 اے کے میگزین، ایک سائلنسر، 83 پستول راؤنڈز اور دیگر قابل اعتراض مواد برآمد کیا۔ پولیس کی جانب سے جاری کیے گئے بیان کے مطابق مصدقہ اطلاع ملنے کے بعد ہندوارہ کے مضافاتی علاقے میں تلاشی کارروائی شروع کی گئی جس کے دوران کمین گاہ سے بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کر کے ملی ٹنٹوں کے منصوبوں پر پانی پھیر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ہندوارہ پولیس اسٹیشن میں قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت ایف آئی آر نمبر 252/2026 درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی۔

بقیہ نمبر 9

کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ ابتدائی طور پر آگ لگنے کی وجہ شارٹ سرکٹ بتائی جا رہی ہے۔ دریں اثنا، آگ لگنے کی وجوہات فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکیں۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔ اس دوران شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلع کے کنزر ٹنگمرگ علاقے میں رونما ہونے والی آگ کی ایک واردات میں ایک میٹنگ دکان (فرش کا سامان) خاکستر ہو گئی۔ یہ دکان اعجاز احمد میر ساکنہ میر پورہ کنزر کی بتائی جاتی ہے۔ کاروباری سامان خاکستر ہو جانے سے دکان مالک کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا ہے۔ پولیس نے آگ کی اس واردات کے سلسلے میں تحقیقات شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 10

اور مسائل کو فوری طور پر حل کریں تاکہ اہل صارفین مالیاتی رکاوٹوں کی وجہ سے 'روف ٹاپ سولر پروگرام' کے فوائد سے محروم نہ رہیں۔ چیف سیکرٹری نے ڈسکامز کو یہ بھی ہدایت دی کہ وہ سروس فراہم کرنے والوں کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانے اور روف ٹاپ سولر کی تنصیب کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے اضلاع میں وینڈرز کو متناسب طور پر تقسیم کریں۔ انہوں نے متعلقہ ضلع ترقیاتی کمشنروں سے ضلع وار پیش رفت کی تفصیلی رپورٹ بھی طلب کی اور ان رکاوٹوں کی نشاندہی کرنے کو کہا جو مقررہ اہداف کے حصول میں حائل ہیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کی باہمی کوششوں سے ان مسائل کو حل کرنے پر زور دیا۔ میٹنگ کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اشوتی کمار نے بتایا کہ پی ایم سوریہ گھر کے تحت جموں و کشمیر نے اپنے ہدف کا 55.24 فیصد حاصل کیا ہے۔ 31 مارچ 2027 تک یو ٹی کے لئے مقررہ 83,500 تنصیبات کے ہدف کے مقابلے میں اب تک 46,133 رہائشی گھروں کی چھتوں پر سولر پینل نصب کیے جا چکے ہیں۔ یہ کامیابی قومی سطح کی 50.80 فیصد پیش رفت سے زیادہ ہے۔ ایم ڈی، کے پی ڈی سی ایل محمود احمد شاہ نے بتایا کہ مجموعی تنصیبات میں سے 17,809 جے پی ڈی سی ایل کے علاقوں میں مکمل کی گئی ہیں جن کی مجموعی صلاحیت 62.69 میگاواٹ ہے جبکہ 28,324 تنصیبات کے پی ڈی سی ایل کے علاقوں میں مکمل کی گئی ہیں جن کی صلاحیت 102.55 میگاواٹ ہے۔ اس طرح جموں و کشمیر میں سولر روف ٹاپ کی مجموعی صلاحیت 165.24 میگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ میٹنگ کو جانکاری دی گئی کہ اب تک مستفیدین کے کھاتوں میں 344.14 کروڑ روپے کی مرکزی سبسڈی اور 13 کروڑ روپے کی یو ٹی سبسڈی منتقل کی جا چکی ہے۔ 83,500 کے ہدف کے مقابلے میں 89,680 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ ان میں سے 82,591 درخواست گزاروں نے وینڈرز کا انتخاب کیا ہے۔ 69,460 صارفین کے معاہدے اپ لوڈ کیے جا چکے ہیں جبکہ 42,686 سولر روف ٹاپ کو فعال کیا گیا۔ میٹنگ میں مزید بتایا گیا کہ کے پی ڈی سی ایل کے علاقوں میں تقریباً 75 فیصد سولر روف ٹاپ تنصیبات بینک فائنانسنگ پر منحصر ہیں۔ جمع کی گئی 61,566 قرض درخواستوں میں سے 17,416 درخواستیں مسترد کی گئی ہیں جن میں سے 14,232 کے پی ڈی سی ایل کے علاقوں سے متعلق ہیں۔ دریں اثناء 38,773 معاملات میں قرض منظور کر کے رقم جاری کی جا چکی ہے جبکہ مزید 5,367 معاملات پر عمل جاری ہے۔ کمشنر سیکرٹری سائنس و ٹیکنالوجی ہلال رکوال نے سرکاری عمارتوں کو شمسی توانائی سے آراستہ کرنے کے جائزے کے دوران بتایا کہ 12,994 سرکاری عمارتوں کے مجموعی کلکس ہدف کے مقابلے میں اب تک 8,850 عمارتوں کو پہلے ہی سولرائز کیا جا چکا ہے جن کی مجموعی صلاحیت 95.64 میگاواٹ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان میں 4,793 عمارتیں پی ایم سوریہ گھر اور ہائبرڈ منصوبوں کے تحت شامل ہیں جن کی صلاحیت 41.50 میگاواٹ ہے جبکہ جاری پروگرام کے تحت مزید 4,057 عمارتوں کو شمسی توانائی سے آراستہ کیا گیا ہے جن کی صلاحیت 54.14 میگاواٹ ہے۔

بقیہ نمبر 11

مقامات پر وقفے وقفے سے بارش اور بوندا باندی کے ساتھ گرج چمک اور تیز ہواؤں کا بھی امکان ہے۔ آئندہ چند روز کے دوران موسم کے غیر مستحکم رہنے اور جموں و کشمیر کے بعض علاقوں میں بارش کے امکانات زیادہ ہیں۔ موسمیاتی مرکز سری نگر نے کسانوں کو 8 سے 10 اکتوبر کے دوران بارش اور تیز ہواؤں کے امکان کے پیش نظر تیار شدہ سیب اور دھان کی فصل کو محفوظ مقامات پر ذخیرہ کرنے کے لیے ضروری انتظامات کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

بقیہ نمبر 12

حکمران کی آخری آرام گاہ تک پہنچیں، جہاں انہوں نے فاتحہ خوانی کی اور پھول نذر کیے۔ بڈشاہ (1420-1470) کو کشمیر کے عظیم ترین حکمرانوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ انہیں مذہبی رواداری کو فروغ دینے اور ایران و وسطی ایشیا سے ہنرمندوں کو یہاں لانے کا سہرا جاتا ہے، جس سے شال بافی، لکڑی پر نقش و نگار (ووڈ کارونگ) اور پیپر ماشی (کاغذ کی گندی سے بنی اشیاء) جیسے ہنر کو تقویت ملی۔

باقیات: صفحہ دو سے آگے

101

مالیاتی رکاوٹوں کی وجہ سے 'روف ٹاپ سولر پروگرام' کے فوائد سے محروم نہ رہیں۔ چیف سیکرٹری نے ڈسکامز کو یہ بھی ہدایت دی کہ وہ سروس فراہم کرنے والوں کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانے اور روف ٹاپ سولر کی تنصیب کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے اضلاع میں وینڈرز کو متناسب طور پر تقسیم کریں۔ انہوں نے متعلقہ ضلع ترقیاتی کمشنروں سے ضلع وار پیش رفت کی تفصیلی رپورٹ بھی طلب کی اور ان رکاوٹوں کی نشاندہی کرنے کو کہا جو مقررہ اہداف کے حصول میں حائل ہیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کی باہمی کوششوں سے ان مسائل کو حل کرنے پر زور دیا۔ میٹنگ کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اشوتی کمار نے بتایا کہ پی ایم سوریہ گھر کے تحت جموں و کشمیر نے اپنے ہدف کا 55.24 فیصد حاصل کیا ہے۔ 31 مارچ 2027 تک یو ٹی کے لئے مقررہ 83,500 تنصیبات کے ہدف کے مقابلے میں اب تک 46,133 رہائشی گھروں کی چھتوں پر سولر پینل نصب کیے جا چکے ہیں۔ یہ کامیابی قومی سطح کی 50.80 فیصد پیش رفت سے زیادہ ہے۔ ایم ڈی، کے پی ڈی سی ایل محمود احمد شاہ نے بتایا کہ مجموعی تنصیبات میں سے 17,809 جے پی ڈی سی ایل کے علاقوں میں مکمل کی گئی ہیں جن کی مجموعی صلاحیت 62.69 میگاواٹ ہے جبکہ 28,324 تنصیبات کے پی ڈی سی ایل کے علاقوں میں مکمل کی گئی ہیں جن کی صلاحیت 102.55 میگاواٹ ہے۔ اس طرح جموں و کشمیر میں سولر روف ٹاپ کی مجموعی صلاحیت 165.24 میگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ میٹنگ کو جانکاری دی گئی کہ اب تک مستفیدین کے کھاتوں میں 344.14 کروڑ روپے کی مرکزی سبسڈی اور 13 کروڑ روپے کی یو ٹی سبسڈی منتقل کی جا چکی ہے۔

102

کشمیر یونیورسٹی کی کوششوں کو سراہا۔ تقریب میں جموں و کشمیر بھر سے سینئر اور نامور خطاطوں کے علاوہ طلبا، فن کے شائقین اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ یہ دو سالہ کورس خطے کے شاندار فنی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے لئے تیار کیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوان نسل کو خطاطی کی تکنیکوں اور روایات میں خصوصی تربیت فراہم کرنا ہے۔

103

سائیکلیں، وہیل چیئرز، چلنے کیلئے چھڑیاں، برسو اور دیگر معاون آلات شامل تھے۔ اس موقع پر موجود شخصیات نے مستحقین تک فلاحی اسکیموں کے فوائد پہنچانے اور انہیں ضروری سہولیات فراہم کرنے کیلئے محکمہ سماجی بہبود اور مصنوعی اعضا سازی کارپوریشن آف انڈیا کی کوششوں کو سراہا۔

104

افسران چونٹی کوہل اور اس سے ملحقہ علاقوں میں صفائی اور جگہ کی صفائی کے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے ایسی جگہوں کی نشاندہی کرنے پر زور دیا جہاں گاد نکالنے، ڈریجنگ، رکاوٹیں دور کرنے اور بحالی کے دیگر اقدامات کی ضرورت ہے، تاکہ ضروری کام منظم اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جا سکیں۔

105

سیکرٹری تنظیم اشوک کول، ارکان اسمبلی شام لال شرما، ڈاکٹر نریندر سنگھ، یودھویر سیٹھی، چودھری وکرم رندھاوا، اروند گپتا، راجیو جسروٹیا، سریندر بھگت، موہن لال، پروفیسر گھارو رام اور دیویانی رانا، نائب صدر راکیش مہاجن، جنرل سیکرٹری سنجیو ڈوگرا سمیت پارٹی رہنماؤں، کارکنوں اور مقامی شہریوں نے 'وکست بھارت سنکلپ سبھا' میں وزیر اعظم کا خطاب سنا۔ اس موقع پر بی جے پی کے سینئر رہنماؤں نے عوام میں خدمت، حب الوطنی، عوامی شمولیت اور قوم کی تعمیر کا پیغام پہنچانے کا عزم بھی ظاہر کیا۔ کارروائی راکیش مہاجن نے انجام دی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ست شرما نے کہا کہ 'سیوا اجیتی یاترا' محض سیاسی یا تنظیمی پروگرام نہیں بلکہ عوام پر مرکوز ایک ایسی پہل ہے جس کا مقصد معاشرے کے ہر طبقے تک خدمت اور قومی وابستگی کا پیغام پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی کی عوامی زندگی کے 25 سال عوام کی فلاح و بہبود، ملک کو مضبوط بنانے اور خود کفیل بھارت کی تعمیر کیلئے وقف سفر کی عکاسی کرتے ہیں۔

106

راجپورہ غلام محی الدین میر اور ایم ایل اے خانصاحب ایڈووکیٹ سیف الدین بٹ اور ضلع صدر پلوامہ محمد خلیل بند نے بھی عقیدت مندوں کو عرس مبارک پر مبارکباد دی ہے۔

107

درآمد کی اہمیت پر زور دیا۔ شرکاء نے پروگرام میں فعال طور پر حصہ لیا اور نئے قوانین سے متعلق سوالات کیے، جن کے جوابات اور وضاحتیں پولیس افسران کی جانب سے فراہم کی گئیں۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ نئے قوانین میں جرائم کے متاثرین اور معاشرے کو انصاف کی فراہمی کے لیے مختلف دفعات شامل کی گئی ہیں، جبکہ تفتیشی عمل کو جدید بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ شرکاء نے نئے فوجداری قوانین کے حوالے سے آگاہی پروگرام منعقد کرنے پر پولیس کے کردار کو سراہا۔ جموں و کشمیر پولیس نے مستقبل میں بھی عوام میں قانونی شعور اور آگاہی بڑھانے کے لیے اس طرح کے مزید پروگرام منعقد کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

108

تھیلوں کے استعمال کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ اسکولوں اور آنگن واڑی مراکز کو مختلف گھرانوں کے ساتھ منسلک کیا جا رہا ہے تاکہ مسلسل بیداری اور عوامی شرکت کو یقینی بنایا جا سکے۔

109

دوسرے مرحلے کے تحت سب ڈسٹرکٹ اسپتالوں میں امراض چشم کے ماہرین کی ٹیمیں بچوں کا معائنہ کر رہی ہیں۔ جن بچوں کو چشموں کی ضرورت ہے، ان کا معائنہ کر کے ان کے چشموں کا نمبر تجویز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی جانچ کے بعد مزید معائنے کے ضرورت مند بچوں کا سب ڈسٹرکٹ اسپتالوں میں ماہرین چشم کی ٹیموں کے ذریعے جائزہ لیا جا رہا ہے اور تجویز کردہ نمبر کے مطابق انہیں مفت چشمے فراہم کیے جا رہے ہیں۔

110

کو اپنے مذہب پر عمل کرنے اور اپنی مذہبی روایات و عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی دیتا ہے۔ ایسے میں کسی ایک یکساں قانونی ڈھانچے کو تمام مذاہب اور برادریوں پر یکساں طور پر مسلط کرنا مذہبی تنوع اور شخصی آزادی کے بنیادی تصور کے خلاف ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم پرسنل لا کے تحت صدیوں سے رائج عائلی معاملات کو محض یکسانیت کے نام پر تبدیل کرنا نہ صرف مذہبی جذبات کو مجروح کر سکتا ہے بلکہ معاشرے میں بے اعتمادی اور انتشار کو بھی جنم دے سکتا ہے۔ ساگر نے کہا کہ بی جے پی اگر پارلیمنٹ کے ذریعے یکساں سول کوڈ کے حوالے سے وسیع تر اتفاق رائے پیدا کرنے میں ناکام ہے تو ریاستوں کے ذریعے چور دروازے سے اس ایجنڈے کو آگے بڑھانا جمہوری اصولوں اور وفاقی روح کے منافی ہے۔ مختلف ریاستوں میں الگ الگ طریقوں سے یکساں سول کوڈ نافذ کرنے کی کوشش ملک کے قانونی و سماجی ڈھانچے میں مزید پیچیدگیاں پیدا کرے گی۔

111

شوپیان اور اسسٹنٹ ٹورسٹ آفیسر شوپیان نے شرکت کی۔ بعد ازاں شبیر احمد کھٹے نے ضلع کے اہم سیاحتی مقامات پوہری پاٹن، ڈبجن اور پیر کی گلی کا تفصیلی فیلڈ معائنہ بھی کیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ٹورازم ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ایم ایل اے نے کہا کہ ضلع کی سیاحتی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے، سیاحوں کیلئے سہولیات میں اضافہ کرنے اور مقامی آبادی کیلئے پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے تمام متعلقہ محکموں کی مربوط کوششیں ناگزیر ہیں۔ معائنے کے دوران جاری کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لینے، مقامات کی مخصوص ضروریات کا تعین کرنے اور ان علاقوں میں سیاحت کے نئے منصوبوں کے امکانات تلاش کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی۔

112

منصوبہ بندی و مارکیٹنگ اور ماہی پروری کے شعبوں کے تحت ٹراؤٹ ریس ویز، آر اے ایس یونٹس، بائیوفلاک اور کارپ مچھلی کے تالابوں سمیت مختلف منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ رواں سال کیلئے ہر محکمہ کے مقررہ اہداف کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے اور مختص فنڈز کا موثر استعمال یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں چیف ایگریکلچر آفیسر کولگام، چیف ہارٹیکلچر آفیسر، چیف اینمل ہسبنڈری آفیسر، ڈسٹرکٹ شیپ ہسبنڈری آفیسر، ڈسٹرکٹ سیریکلچر آفیسر، ہیلتھ مارکیٹنگ آفیسر باغبانی منصوبہ بندی و مارکیٹنگ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، لیڈ ڈسٹرکٹ منیجر کولگام، کے وی کے پوہسے اور کے وی کے خودوانی کے پروجیکٹ کوآرڈینیٹرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

113

بنانے اور ہنرمندی کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے طالب علموں کو مشورہ دیا کہ وہ سٹیج پر موجود شخصیات سے تحریک لیں اور محنت کے راستے پر چلیں جو کامیاب کیریئر کی ضمانت ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ کالج میں شعبہ موسیقی کے قیام کے لئے ایک تجویز پیش کی جائے گی۔ اس موقعہ پر سیکریٹری محکمہ اعلیٰ تعلیم نے خطاب کرتے ہوئے نوجوانوں میں محض ڈگریوں سے بڑھ کر ہمہ جہت ترقی اور قائدانہ صلاحیتوں کی اہمیت پر زور دیا۔ اس سے قبل پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج ڈی ایچ پورہ نے اپنے استقبالیہ خطاب میں طلبا کی صلاحیتوں کو مہارتوں، مواقع اور روزگار میں تبدیل کرنے کے لئے کالج کی کوششوں کو اجاگر کیا۔ پروگرام کی نظامت کے فرائض ڈاکٹر شارندیم نے انجام دیئے جبکہ شکریہ کی تحریک سربراہ شعبہ سیاسیات ڈاکٹر شہزاد اشرف نے پیش کی۔ اس موقعہ پر کالج کے پہلے سمسٹر کے طالب علم اور قومی آرم ریسلنگ مقابلے کے گولڈ میڈل جیتنے والے بلال احمد کو اعزاز سے نوازا گیا۔

114

آئندہ مالی سال کے ضلعی کیپکس بجٹ کے تحت ایچ کے ایم گورنمنٹ ڈگری کالج باغتی پورہ میں طالبات کیلئے آرام گاہ کی تعمیر کیلئے تقریباً ایک کروڑ روپے مختص کیے جائیں گے۔ انہوں نے کالج بس کی خریداری کیلئے اپنی رکن اسمبلی حلقہ ترقیاتی فنڈ سے 30 لاکھ روپے جاری کرنے کی بھی یقین دہانی کرائی۔ اس اقدام سے ادارے کو درپیش سفری اور آمد و رفت سے متعلق مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ ملاقات کے دوران دیگر اہم ترقیاتی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پہلے سے منظور شدہ لائبریری بلاک کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، جبکہ آڈیٹوریم بلاک کی منظوری کے معاملے پر بھی گفتگو ہوئی۔

115

شیخ العالم کی تعلیم ہمارے لئے تاقیامت مشعل راہ ہے۔ صاحبزادہ سید مجتبیٰ علوی قادری، سجادہ نشین خانقاہ معلی الحاج پیرزادہ شاہد نعمان شافی، محمد یاسین زہرا، خدامان زیارت حضرت شاہ ہمدان، حاجی فاروق احمد گائی نے بھی عرس پر مسلمانان کشمیر کو مبارکباد پیش کی ہے۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

جیت کے ساتھ میسی کے شاندار بین الاقوامی کیریئر کا اختتام

بیونس آئرس، ۷ اکتوبر (یو این آئی) ارجنٹائن کے عظیم فٹبالر اور ۲۰۰۸ کے بیجنگ اولمپک چمپئن لیونل میسی نے منگل کو اپنے ۲۱ سالہ شاندار بین الاقوامی کیریئر کا آخری میچ کھیلا۔ ۳۸ سالہ میسی نے ۱۳ اگست کو قومی ٹیم سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا جس نے بیونس آئرس کے اسٹیڈیم مونومینٹل میں جذباتی ماحول کے درمیان میں اسپین کے خلاف ۳-۰ کی جیت میں ایک گول کیا اور دو گول میں اسسٹ کیا۔ اس کے ساتھ ارجنٹائن کے کپتان کے بین الاقوامی کیریئر کا اختتام ۲۰۸ میچوں میں ۱۳۹ گول اور ۱۲۹ اسسٹس کے ساتھ ہوا۔ میچ کے بعد ارجنٹائن کے شائقین سے خطاب کرتے ہوئے میسی نے اپنے مرحوم والد جارج میسی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ۲۰ سال سے زیادہ عرصے تک ارجنٹائن کی شرٹ پہننا ان کے لیے بہت بڑے فخر کی بات ہے۔ انہوں نے کہا 'بہترین لمحات میں بھی میں نے ہارا اور جیتا سب کچھ رہا لیکن کبھی نہیں چھوڑا۔ قومی ٹیم کے لیے کھیلنا انسان کے لیے پیش آنے والی سب سے خوبصورت چیز ہے۔' دو بار اولمپک طلائی تمغہ، ایک ورلڈ کپ، دو مرتبہ کوپا امریکہ اور فائنلیسیما جیتنے والے کھلاڑی کی حیثیت سے میسی بین الاقوامی فٹبال سے رخصت ہو رہے ہیں۔ اس موقع پر مونومینٹل میں موجود شائقین کی آنکھوں میں بھی آنسو تھے اور خود میسی بھی جذباتی نظر آئے۔ آٹھ مرتبہ کے بیلن ڈی اور فاتح میسی نے اگست ۲۰۰۵ میں ارجنٹائن کے لیے ڈیبیو کیا تھا لیکن ہنگری کے خلاف میدان میں اترنے کے صرف ایک منٹ بعد انہیں ریڈ کارڈ دکھا کر باہر کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے اپنا پہلا بین الاقوامی گول ۲۰۰۶ میں کروشیا کے خلاف دوستانہ میچ میں کیا تھا۔ امریکہ، کینیڈا اور میکسیکو میں ہونے والے اپنے چھٹے اور آخری ورلڈ کپ میں بھی انہوں نے ٹورنامنٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ انہوں نے ورلڈ کپ کے ۳۴ میچوں میں ۲۱ گول کیے، تاہم بعد میں فرانس کے کیلیان ایمباپے نے اسی ٹورنامنٹ میں ۲۲واں گول کرکے انہیں پیچھے چھوڑ دیا۔

کوہلی کیمپ نے دعوی کو مسترد کیا

نئی دہلی، 7 اکتوبر (یو این آئی) ہندوستان کے سابق کپتان وراٹ کوہلی کے ترجمان نے جمعہ کو اس دعوے کو مسترد کر دیا کہ کوہلی دو دنوں میں سوشل میڈیا پر ایک دن بعد پی کے اکاؤنٹ سے اٹھنے کے لیے دوبارہ روپے گئے تھے۔ ترجمان نے اس دعوے کو 'بے بنیاد اور حقائق کے منافی' قرار دیا ہے۔ دعوی 'بکل بہارا' جماعت کے نام سے معروف اکاؤنٹ سے سوشل میڈیا پر پھیلایا گیا تھا جس کے بعد کوہلی کی ریٹائرمنٹ کے بارے میں قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔ کوہلی کے ترجمان نے کہا کہ ایسے بیانات کی رپورٹنگ یا انہیں بڑھا چڑھا کر پیش کرنے سے پہلے حقائق کی جانچ کی جانی چاہیے اور میڈیا کو ذمہ داری کے ساتھ رپورٹنگ کی جانی چاہیے۔ واضح رہے کہ 2023 میں کوہلی کے ہم نام کا ایک اکاؤنٹ منظر عام پر آیا جو کوہلی سے منسلک نہیں ہے۔ انہوں نے بعد میں فوری کارروائی کی درخواست کی اور وہ اکاؤنٹ بند کر دیا گیا تھا۔

نیتیش ریڈی کی یوپی ٹیم میں واپسی

لکھنؤ، 7 اکتوبر (یو این آئی) آئی پی ایل کے تجربہ کار نیتیش ریڈی کی اترپردیش کی رنجی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے۔ آئی پی ایل 2025 کے بعد سے میدان سے دور رہنے والے نیتیش کو رنجی ٹرافی 2026-27 کے لیے ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ جبکہ نوجوان وکٹ کیپر بلے باز آریان جویال کو کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ آر سی بی میں ریڈی کے ساتھی رہے تجربہ کار اسپنر کو بھی ٹیم میں جگہ دی گئی ہے۔ آخری مسابقتی میچ انہوں نے آئی پی ایل 2025 کے فائنل میں کھیلا تھا۔ انہوں نے اس سال ہونے والی ٹورنامنٹ میں کوشش کی تھی لیکن ٹی-20 ایشیا کپ میں منتخب نہیں ہو سکے۔ انہوں نے اس مدت میں فٹنس حاصل کی اور اب رنجی سیزن کے لیے کیمپ کا حصہ ہیں۔ نیتیش اب رنجی ٹیم کے کیمپ میں شامل ہو گئے اور اب رنجی سیزن کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔

شریئس ایّر کی کیریئر کی بہترین ساتویں رینکنگ

دہلی، ۷ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی کپتان شریئس ایّر ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلے ٹی-۲۰ میچ میں اپنی شاندار سنچری بنانے کے بعد مردوں کی ٹی-۲۰ بلے بازی کی عالمی رینکنگ میں کیریئر کی بہترین ساتویں پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں۔ ایّر نے ۴۳ گیندوں میں ۱۰ چوکوں اور چھ چھکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ ۱۰۳ رن بنائے، جس کی بدولت میزبان ہندوستان نے ۳۳ گیندیں باقی رہتے آٹھ وکٹ سے شاندار کامیابی حاصل کی۔ اس دھماکہ خیز اننگز سے وہ رینکنگ میں ۱۸ درجے کی چھلانگ لگا کر ساتویں پوزیشن پر آگئے ہیں اور وہ اس فہرست میں ہندوستان کے تیسرے سب سے اعلیٰ رینک والے بلے باز بن گئے ہیں۔ ابھیشیک شرما دوسرے اور تلک ورما ۱۰ویں نمبر پر ہیں۔ ویسٹ انڈیز کے بلے باز شیمرون ہیٹمائر ۵۶ رن کی تیز اننگز کے بعد ۱۰ درجے ترقی کر کے ۵۵ویں نمبر پر پہنچ گئے۔ ہندوستان کے نوجوان بلے باز ابھیشیک شرما دوسرے نمبر پر ہیں۔ پاکستان کے صائم ایوب ۲۲ درجے کی بڑی چھلانگ کے ساتھ ۸ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ گیند بازوں کی رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان دوبارہ پہلے نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ ہندوستان کے لیفٹ آرم اسپنر اکشر پٹیل گزشتہ تین میچوں میں دو دو وکٹ لینے کے بعد ۱۹ درجے ترقی کر کے ساتویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ جبکہ ونیش کے تیم اور حیدر حسن بھی بالترتیب آٹھویں اور نویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ مردوں کی ون ڈے بلے بازی رینکنگ میں ہندوستانی کپتان شبمن گل نے گوہاٹی میں ویسٹ انڈیز کے خلاف دوسرے ون ڈے میں ناٹ آؤٹ ۲۳۳ رن کی اننگز کے بعد اپنی پوزیشن مزید مضبوط کر لی ہے۔ یہ فارمیٹ میں ان کی دوسری ڈبل سنچری اور ون ڈے رن چیز میں سب سے بڑا اسکور ہے۔ اس کے ساتھ انہوں نے ۲۵ ریٹنگ پوائنٹس حاصل کر کے کیریئر کے بہترین ۸۲۱ پوائنٹس کی برابری کر لی۔ سابق کپتان وراٹ کوہلی دوسرے سے تیسرے نمبر پر چلے گئے ہیں۔ شریئس ایّر بھارتی کرکٹ کے ان باصلاحیت بلے بازوں میں شامل ہیں جنہوں نے محدود اوورز کی کرکٹ میں اپنی الگ پہچان قائم کی۔ ان کی تکنیک میں بہتری، تحمل اور حالات کے مطابق کھیلنے کی صلاحیت کا بہترین امتزاج نظر آتا ہے۔ حالیہ مقابلوں میں ان کی پراعتماد بیٹنگ اور جارحانہ شاٹس کھیلنے کی صلاحیت نے انہیں ٹیم کے اہم کھلاڑیوں میں شامل کیا ہے۔

موہن بگان ایسٹ بنگال سے مقابلہ کرے گا

کولکاتا، 7 اکتوبر (یو این آئی) دفاعی چمپئن موہن بگان سپر جائنٹ جمعرات کو سالٹ لیک کے یووا بھارتی کریرانگن میں آئی ایف اے شیلڈ 2026 کے فائنل میں روایتی حریف ایسٹ بنگال ایف سی کا سامنا کرے گی۔ میچ شام 6:15 بجے شروع ہوگا۔ یہ اس سال دونوں ٹیموں کے درمیان پانچواں کولکاتا ڈربی اور دوسرا کپ فائنل ہوگا۔ اس سال دونوں ٹیموں کے درمیان گزشتہ مقابلوں میں جنوری میں آئی ایس ایل کا میچ 1-1 سے برابر رہا تھا، جبکہ جولائی میں ڈیورنڈ کپ کے افتتاحی میچ میں موہن بگان نے ایسٹ بنگال کو 0-1 سے شکست دی۔ ڈیورنڈ کپ کے فائنل میں ایسٹ بنگال نے شاندار واپسی کرتے ہوئے موہن بگان کو 4-1 سے شکست دی، جبکہ ستمبر میں کلکتہ فٹبال لیگ کا مقابلہ بھی 1-1 سے برابر رہا۔ موہن بگان نے آئی ایف اے شیلڈ میں سری ندھی دکن کو 0-6 سے شکست دے کر مہم شروع کی، جبکہ سیمی فائنل میں 120 منٹ تک گول نہ ہونے کے بعد پنالٹی شوٹ آؤٹ میں پنجاب ایف سی کو 3-4 سے ہرایا۔ دوسری جانب ایسٹ بنگال نے سیمی فائنل میں نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ کو 2-7 سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی۔ ایسٹ بنگال نے یہ خطاب ریکارڈ 29 مرتبہ جیتا ہے اور 30ویں خطاب کی تلاش میں ہے، جبکہ موہن بگان 22ویں آئی ایف اے شیلڈ اور مسلسل دوسری بار چمپئن بننے کی کوشش کرے گا۔

ابوظہبی نائٹ رائیڈرز مہم شروع کرے گی



دہلی، 7 اکتوبر (یو این آئی) پانچویں سیزن کے شیڈول کا اعلان ہونے کے بعد ابوظہبی نائٹ رائیڈرز (اے ڈی کے آر) 22 دسمبر کو دبئی کیپٹلز کے خلاف ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی-20 سیزن 5 میں اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں 22 دسمبر کو دبئی کیپٹلز کے خلاف اے ڈی کے آر کا پہلا میچ کھیلا جائے گا، جو ڈبل ہیڈر کا دوسرا مقابلہ ہوگا اور شام 6:30 بجے شروع ہوگا۔ اس کے بعد ٹیم 26 دسمبر کو اپنے پہلے ہوم میچ کے لیے ابوظہبی واپس جائے گی، جہاں زاید کرکٹ اسٹیڈیم میں شام 6:30 بجے اس کا مقابلہ ایم آئی امارات سے ہوگا۔ مجموعی طور پر اے ڈی کے آر گروپ مرحلے کے اپنے 10 میچوں میں سے پانچ زاید کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گی۔

ویسٹ انڈیز نے زمبابوے کو شکست دی

ہرارے، ۷ اکتوبر (یو این آئی) اسٹیفنی ٹیلر کی ناٹ آؤٹ ۶۳ رن کی اننگز اور دو وکٹوں، جبکہ چنیلے ہنری کے ۳۸ رن اور دو وکٹوں کی بدولت ویسٹ انڈیز خواتین نے تیسرے ٹی-۲۰ میں زمبابوے کو ۱۸ گیندیں باقی رہتے آٹھ وکٹ سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز ۳-۰ سے جیت لی۔ زمبابوے نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ۶ وکٹ پر ۱۳۲ رن بنائے۔ کیلیس ندھلوو نے ۴۳ گیندوں پر چھ چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے ۴۳ رن بنائے، جبکہ بیلیڈ رینا نے ۲۱ اور کرسٹینا موتساما نے ناٹ آؤٹ ۲۲ رن کا تعاون دیا۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے ٹیلر اور ہنری نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز نے ۱۷ اوورز میں دو وکٹ پر ۱۳۳ رن بنا کر کامیابی حاصل کی۔ ٹیلر نے ۳۹ گیندوں پر ۱۱ چوکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ ۶۳ رن بنائے، جبکہ ہنری نے ۳۸ اور جینیلیا گلاسگو نے ناٹ آؤٹ ۱۵ رن بنائے۔ ٹیلر کو پلیئر آف دی میچ اور ہنری کو پلیئر آف دی سیریز قرار دیا گیا۔

ایشین گیمز کے ہندوستانی اسٹارز حیدرآباد پہنچے

حیدرآباد، ۷ اکتوبر (یو این آئی) ایشین گیمز میں طلائی تمغہ جیتنے والی ہندوستان کی تیر انداز جیوتی سریکھا اپنے گھریلو میدان پر تیر اندازی کے لیے تیار ہیں۔ آرچری پریمیئر لیگ (اے پی ایل) کے دوسرے سیزن کا آغاز ۱۸ اکتوبر سے حیدرآباد کے تیکلی سٹائل پر منعقد ہوگا جس میں ملک بھر کے ہندوستانی تیر انداز اپنے جوہر دکھائیں گے۔ اے پی ایل کا یہ سیزن ایک مختصر فارمیٹ میں کھیلا جائے گا جس میں ہر تیر کے لیے صرف ۱۵ سیکنڈ کا وقت ہوگا۔ ریکرو اور کمپاؤنڈ تیر انداز آپس میں ایک دوسرے کے خلاف مقابلہ کریں گے۔ لیگ نے پہلے ہی ٹیموں کا اعلان کر دیا ہے اور ٹکٹ بھی جاری کیے۔ جیوتی نے کہا کہ پہلے سیزن میں جیت کے لیے کھیلتے ہوئے انہوں نے ہائی پریشر کے دباؤ سے نمٹنے اور ساتھی کھلاڑیوں سے سیکھنے کا تجربہ حاصل کیا، جس سے انہیں ایشین گیمز میں طلائی تمغہ جیتنے میں مدد ملی۔

ہندوستانی باکسرز کی اولمپک 2028 میں جلد کوالیفکیشن

نئی دہلی، 7 اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی خواتین کی باکسنگ ٹیم کی چیف کوچ سینتیا گو نیوا نے کہا ہے کہ ایشین گیمز کے بعد اب ان کی توجہ لاس اینجلس اولمپکس 2028 کے لیے زیادہ سے زیادہ ہندوستانی باکسرز کے کوٹہ حاصل کرنے پر ہے۔ اولمپک کوالیفکیشن کا پہلا بڑا موقع 2027 میں قزاقستان میں ہونے والی ورلڈ چمپئن شپ ہوگی۔ نیوا نے کہا کہ ان کی کوشش ہوگی کہ وہاں زیادہ سے زیادہ اولمپک کوٹے حاصل کیے جائیں۔ اس کے بعد ایشین اولمپک کوالیفائر اور 2028 میں عالمی اولمپک کوالیفائر ہوں گے۔ ناگویا میں ایشین گیمز میں ہندوستانی خواتین باکسرز نے پانچ طلائی سمیت چھ تمغے جیتے، جبکہ آگے جاکر ایشین گیمز میں اسی ٹیم نے تین تمغے حاصل کیے۔ نیوا نے کہا کہ اگر ہندوستانی باکسرز اگلے سال کے آغاز میں ہی اولمپک کے لیے کوالیفائی کر سکتی ہیں تو انہیں تیاری کے لیے کافی وقت مل جائے گا۔ ان کا مقصد زیادہ سے زیادہ باکسرز کو کوالیفائی کرا کر لاس اینجلس کے لیے مضبوط ٹیم تیار کرنا ہے۔ نیوا نے بتایا کہ ہندوستانی ٹیم کے ساتھ 40 افراد پر مشتمل اسٹاف ہے، جس میں تقریباً 20 کوچ اور 20 دیگر معاون عملہ شامل ہے۔ اس کے علاوہ اسپورٹس سائنس، باکسنگ ہال اور باکسنگ آلات سمیت مختلف شعبوں میں بھی بہتری لائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا موجودہ نظام بین الاقوامی معیار کے بہترین باکسنگ پروگراموں کے برابر ہے۔ نیوا کے مطابق بہت کم ممالک کے پاس اس سے بہتر سپورٹ سسٹم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایشین گیمز کے لیے اچھی تیاری کے باوجود ہندوستانی ٹیم کو اس پر رکنا نہیں ہے اور اگلے اولمپکس میں بڑی کامیابی حاصل کرنے کے لیے مسلسل آگے بڑھنا ہوگا۔

قومی رولنگ کیمپ کے لیے اترپردیش کے چار کھلاڑی منتخب



لکھنؤ، 7 اکتوبر (یو این آئی) دسمبر میں چین میں ہونے والی ایشین انڈر-19 اور انڈر-23 رولر اسکیٹنگ چمپئن شپ کی تیاری کے لیے منعقد قومی رولنگ کوچنگ کیمپ میں اترپردیش کے چار کھلاڑیوں کو منتخب کیا گیا ہے۔ 7 سے 31 اکتوبر تک پونے کے آئری رولنگ رنک میں ہونے والے کیمپ کے لیے ملک بھر سے منتخب 80 رولرز میں اترپردیش کے دیپک کمار، نکھل کمار یادو، ہری ناتھ یادو اور پروین کمار شامل ہیں۔ تمام منتخب کھلاڑی پونے پہنچ چکے ہیں۔ اترپردیش رولنگ اسپورٹس ایسوسی ایشن کے سکریٹری اور رولنگ فیڈریشن آف انڈیا کے نائب صدر سدھیر شرما نے بتایا کہ چاروں کھلاڑی گورکھپور کے رام گڑھ تال میں مشق کرتے ہیں اور ان کا انتخاب حال ہی میں گورکھپور میں منعقد 6ویں قومی رولنگ چمپئن شپ میں کارکردگی کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ ان چاروں میں سے دو کھلاڑی اسکول میں اترپردیش کے لیے طلائی تمغہ جیتنا تھا۔ دیپک کمار، نکھل کمار یادو اعظم گڑھ، ہری ناتھ یادو دیوریا اور پروین کمار بلیا کے رہنے والے ہیں۔ قومی کیمپ میں انڈر-19 اور انڈر-23 مرد کھلاڑیوں کو دسمبر میں ہونے والی ایشین چمپئن شپ کے لیے چنا جائے گا، جبکہ کیمپ میں کارکردگی کی بنیاد پر ہندوستانی ٹیم کے لیے بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جائے گا۔

وزیر اعلیٰ نے گندن راجباغ میں کھیلوں کی سہولیت کا افتتاح کیا

سری نگر/ ۷، اکتوبر: وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج گندن راجباغ میں واقع شیر کشمیر سٹی سپورٹس ایکسیلینس سینٹر میں ' ۳۰٫۳۵ کروڑ روپے کے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کا افتتاح کیا۔ اس اقدام سے جموں و کشمیر میں تیراکی اور جمناسٹک کی سہولیت میں نمایاں توسیع ہوئی ہے۔ نئی افتتاح شدہ سہولیات میں ۵۰ میٹر x ۲۵ میٹر کا ۱۰ لین والا اولمپک سائز کا سوئمنگ پول، ہر موسم میں قابل استعمال ٹریننگ اور بچوں کا سوئمنگ پول اور جدید ترین آلات سے لیس ایک جدید انڈور جمناسٹک ہال شامل ہیں۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان نئی سہولیات سے نوجوانوں کو روایتی کھیلوں سے ہٹ کر دیگر کھیل اپنانے کے مواقع ملیں گے اور وہ سال بھر تربیت حاصل کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا، "اس سہولیت کے ذریعے ہم طلبا کو بے کھیلوں کے ماحول فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر کشمیر میں پہلی بار اولمپک سائز کا سوئمنگ پول موجود ہے۔ اب اس کو گرم رکھنے کا انتظام بھی ہے جو شمسی توانائی سے کیا جائے گا تاکہ بچے یہاں سال کے بارہ مہینے پریکٹس اور ٹریننگ کر سکیں۔" مرکزی سوئمنگ پول جو ۱۹٫۹۶ کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے، میں ۱۰ مقابلہ جاتی لینیں، ۱، ۳ اور ۵ میٹر کے ڈائیونگ پلیٹ فارمز، جدید فلٹریشن، سرکولیشن اور ڈس انفیکشن کے نظام، چینجنگ رومز، بیت الخلاء، واش رومز، سٹور بیچ لاکرز اور ۳۰۰ افراد کے لئے کے بیٹھنے کی گنجائش موجود ہیں۔ یہ سہولیت مقابلہ جاتی تیراکی، ڈائیونگ اور دیگر آبی کھیلوں کو فروغ دینے کے لئے تیار کی گئی ہے۔ ۵٫۳۵ کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کردہ ٹریننگ اور ٹوڈلر سوئمنگ پول کی سہولیت کو سال بھر استعمال کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے جس میں ہیٹنگ سسٹم، انڈور لیپ پول، بچوں کے لئے موزوں ٹوڈلر پول، پھسلن سے محفوظ پول ڈیکنگ، جدید فلٹریشن اور ڈس انفیکشن نظام اور چینجنگ و شاور کی سہولیات شامل ہیں۔ یہ سہولیت کھلاڑیوں، طلبا اور وسیع کمیونٹی بشمول موسم سرما کی تربیت کی خدمت کے لئے بنائی گئی ہے۔ ۵٫۰۳ کروڑ روپے کی لاگت سے بنا جمناسٹک ہال جو ۳۶ میٹر x ۲۱ میٹر رقبے پر محیط ہے اور جس کی اونچائی ۱۰ میٹر ہے، اسے جدید جمناسٹک آلات سے آراستہ کیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ یہ سہولیت کشمیر میں جمناسٹک کی تربیت اور کوچنگ کے لئے ایک مخصوص پلیٹ فارم فراہم کرے گی جہاں جموں و کشمیر سپورٹس کونسل کوچنگ کیمپ منعقد کر رہا ہے اور ایک مخصوص جمناسٹک اکیڈمی کے قیام کے لئے کوشاں ہے۔

ضلع اننت ناگ کرکٹ چیمپئن شپ اختتام پذیر

اننت ناگ، 7 اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ضلع اننت ناگ ٹینس بال کرکٹ چیمپئن شپ ۲۰۲۶ اسپورٹس اسٹیڈیم نیلدورسو، بجبہاڑہ میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ چیمپئن شپ کے دوران کھلاڑیوں نے شاندار کھیل اور بھرپور جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا۔ یہ چیمپئن شپ ڈسٹرکٹ اننت ناگ ٹینس بال کرکٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے جموں و کشمیر ٹینس بال کرکٹ ایسوسی ایشن کے بینر تلے اور جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کے تعاون سے منعقد کی گئی۔ ضلع اننت ناگ کے مختلف علاقوں سے تقریباً ۲۰ ٹیموں نے سینئر، جونیئر اور سب جونیئر بوائز و گرلز زمروں میں حصہ لیا۔ مقابلے لیگ کم ناک آؤٹ بنیاد پر کھیلے گئے۔ اختتامی تقریب میں مفتی سرور، ڈسٹرکٹ صدر اپنی پارٹی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ بشیر احمد، منیجر اسپورٹس اسٹیڈیم اننت ناگ نے چیمپئن شپ کے آبزرور کی حیثیت سے شرکت کی۔ مہمان خصوصی اور دیگر معززین نے فاتح اور رنر اپ ٹیموں کے علاوہ آؤٹ اسٹینڈنگ کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور مومنٹوز تقسیم کیے۔ چیمپئن شپ کے نتائج انڈر ۱۴ بوائز: اروئی راؤنڈرز — فاتح: سینٹ پیٹرز اننت ناگ — رنر اپ انڈر ۱۷ بوائز: بلڈ اورنرز قاضی گنڈ — فاتح: سینٹ پیٹرز اننت ناگ — رنر انڈر ۱۷ گرلز: سینٹ زیویرز اسکول اننت ناگ — فاتح: بیرلا اوپن مائنڈز اننت ناگ — رنر اپ سینئر بوائز: بجبہاڑہ ٹائیگرز — فاتح: رائل اسپورٹس کلب اننت ناگ — رنر اپ سینئر گرلز: ریڈ روز اننت ناگ — فاتح: خانہ بل اسپورٹس کلب اننت ناگ — رنر اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مفتی سرور اور بشیر احمد نے تمام شرکاء کی کھیلوں میں بھرپور شرکت کو سراہا۔

وزیر اعلیٰ نے محمد قیس کے ساتھ دوستانہ میچ کھیلا

سری نگر، ۷ اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: وزیر اعلیٰ جموں و کشمیر عمر عبداللہ نے سری نگر کے گندون ٹینس کورٹ میں جاری ۱۴ ویں جونیئرز نیشنل سافٹ ٹینس چیمپئن شپ کے دوران بین الاقوامی سافٹ ٹینس کھلاڑی محمد قیس کے ساتھ دوستانہ سافٹ ٹینس میچ کھیلا۔ وزیر اعلیٰ نے یہ دوستانہ مقابلہ محمد قیس کے ذاتی ریکیٹ سے کھیلا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، وزیر کھیل ستیش شرما، امیرا کدل کے رکن اسمبلی احسن پردیسی، زڈی بل کے رکن اسمبلی تنویر صادق، حضرت بل کے رکن اسمبلی سلمان ساگر، جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کی سیکریٹری نزہت گل، سافٹ ٹینس فیڈریشن آف انڈیا اور جموں و کشمیر اسپورٹس سافٹ ٹینس ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔ دوستانہ میچ کے دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے محمد قیس کے ساتھ کھیل میں حصہ لیا اور سافٹ ٹینس کے حوالے سے اپنی دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر موجود کھلاڑیوں اور کھیلوں سے وابستہ افراد نے بھی اس سرگرمی کو سراہا۔ ۱۴ ویں جونیئرز نیشنل سافٹ ٹینس چیمپئن شپ میں ملک کے مختلف حصوں سے نوجوان کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں، جس سے جموں و کشمیر میں سافٹ ٹینس کو فروغ دینے اور نوجوان کھلاڑیوں کو قومی سطح پر اپنی صلاحیتیں دکھانے کا موقع مل رہا ہے۔

ستیام نے قومی سطح پر کانسی کا تمغہ جیت لیا

کٹھوعہ، 6 اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: امپا کڈز ہوم اسکول، کٹھوعہ کے طالب علم ستیام نے بے اینڈ کے یوٹی کے لیے شاندار کارنامہ انجام دیتے ہوئے 8 سے 10 سالہ عمر کے زمرے میں یوگاسن کا پہلا قومی کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ ستیام نے یہ کامیابی جے پور، راجستھان میں 3 سے 6 اکتوبر تک منعقدہ 51 ویں سب جونیئر، جونیئر نیشنل یوگاسن اسپورٹس چیمپئن شپ میں حاصل کی۔ ستیام کو جموں و کشمیر کے دو مرتبہ نیشنل یوگا پروفیشنل میڈلسٹ آریا ویر سنگھ نے تربیت اور رہنمائی فراہم کی۔ ستیام کا یہ تمغہ جموں و کشمیر کے لیے سب جونیئر زمرے میں یوگاسن کا پہلا قومی تمغہ قرار دیا گیا ہے۔ اس سے قبل آریا ویر سنگھ نے سینئر نیشنل یوگاسن اسپورٹس چیمپئن شپ میں مسلسل دو مرتبہ قومی تمغے حاصل کرکے جموں و کشمیر کے لیے نمایاں کامیابی حاصل کی تھی۔ یوگا ایسوسی ایشن جموں و کشمیر کی سرپرست اعلیٰ راج یوگی بی کے سدرشن دیدی، سینئر نائب صدر بی کے روہیندر بالی، صدر اکمل کپور اور سیکریٹری جنرل ونود کے بھاٹیہ نے ستیام کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے امپا کڈز ہوم اسکول کے چیئرمین اشوانی کوتوچ کی بھی خصوصی طور پر ستائش کی اور کہا کہ بچوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اسکول کی جانب سے کی جانے والی کوششیں قابل تحسین ہیں۔

بارہمولہ نے تمام چھ ٹائٹل جیت لیے

بارہمولہ، 7 اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: بارہمولہ نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مختلف عمر کے زمروں میں انٹر ڈسٹرکٹ پروونشل لیول (آئی ڈی پی ایل) کھوکھو چیمپئن شپ کے تمام چھ ٹائٹل اپنے نام کر کے تاریخی کلین سویپ مکمل کرلیا۔ 18 روزہ چیمپئن شپ کا انعقاد ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس، جموں و کشمیر کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل انورادھا گپتا کی نگرانی میں کیا گیا۔ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب آج ہائر سیکنڈری اسکول دوابگاہ میں منعقد ہوئی۔ انڈر 14 گرلز کے فائنل مقابلے میں بارہمولہ نے بڈگام کو شکست دے کر کامیابی حاصل کی اور اس کے ساتھ ہی تمام چھ ٹائٹل جیتنے کا غیر معمولی اعزاز حاصل کرلیا۔ چیمپئن شپ میں کشمیر صوبے کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے تقریباً 720 لڑکے اور لڑکیوں نے شرکت کی۔ اختتامی تقریب میں ہائر سیکنڈری اسکول دوابگاہ کے پرنسپل نے شرکت کی اور کامیاب انعقاد پر کھلاڑیوں، کوچز، افسران اور منتظمین کو مبارکباد پیش کی۔ ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر بارہمولہ مشتاق احمد چوہدری نے چیمپئن شپ کے کامیاب اور ہموار انعقاد کے لیے آرگنائزنگ کمیٹیوں، محکمہ کے افسران، رضاکاروں اور ہائر سیکنڈری اسکول دوابگاہ کے عملے کی انتھک کوششوں کو سراہا۔

شوپیاں میں جموں و کشمیر پولیس کا گرلز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ اختتام پذیر

شوپیاں، ۷ اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: نوجوانوں سے رابطے، بااختیار بنانے اور لڑکیوں میں کھیلوں کے فروغ کی کوششوں کے تحت جموں و کشمیر پولیس نے سیول ایکشن پروگرام (سی اے پی) ۲۰۲۶-۲۷ کے تحت گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول سیڈو میں گرلز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کامیابی کے ساتھ منعقد کر کے اختتام پذیر کیا۔ ٹورنامنٹ میں مختلف اسکولوں کی ٹیموں نے پرجوش انداز میں شرکت کی۔ مقابلوں کے دوران شریک طالبات نے بہترین کھیل، مسابقتی جذبے، نظم و ضبط اور اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ کیا۔ ٹورنامنٹ کا فائنل ہیرپورہ اور سیڈو اسکول کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا، جس میں دونوں ٹیموں نے بہترین مہارت، جوش اور کھیل کے جذبے کا مظاہرہ کیا۔ سنسنی خیز مقابلے کے بعد سیڈو اسکول کی ٹیم نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے ٹورنامنٹ کا خطاب اپنے نام کرلیا۔ اس ٹورنامنٹ نے نوجوان لڑکیوں کو اپنی کھیلوں کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کیا اور انہیں صحت مند و تعمیری سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دی۔ شرکاء کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں کھیلوں سے وابستہ رہنے، نظم و ضبط، ٹیم ورک اور منصفانہ کھیل کے جذبے کو برقرار رکھنے پر زور دیا گیا۔ اختتامی تقریب کی صدارت ایس ایس پی شوپیاں مشتاق احمد چودھری، جے کے پی ایس نے کی۔ اس موقع پر ڈی وائی ایس پی ہیڈکوارٹرز شوپیاں، ایس ایچ او پولیس اسٹیشن ہیرپورہ اور چیف ایجوکیشن آفیسر شوپیاں بھی موجود تھے۔ ایس ایس پی شوپیاں نے فاتح ٹیم کو نقد انعامات اور اسناد پیش کیں۔ انہوں نے تمام شریک ٹیموں کی پرجوش شرکت اور شاندار اسپورٹس مین اسپرٹ کو سراہا۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ میں حصہ لینے والی ٹیموں اور کھلاڑیوں کو ان کی فعال شرکت کے اعتراف میں یادگاری تحائف بھی پیش کیے گئے۔ پولیس نے کہا کہ سیول ایکشن پروگرام کے تحت اس طرح کے اقدامات کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانا اور نوجوانوں کو صحت مند و مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے، تاکہ منشیات اور جرائم سے پاک معاشرے کی تعمیر کے اجتماعی مقصد کو تقویت دی جا سکے۔

''آئرن مین فٹنس چیلنج'' منعقد

جموں، ۷ اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: کمیونٹی آؤٹ ریچ اور نوجوانوں سے رابطے کے سلسلے میں جاری اقدامات کے تحت ۲۰ ویں بٹالین نے نوجوانوں میں جسمانی فٹنس، کھیلوں کے جذبے، نظم و ضبط اور صحت مند مسابقت کو فروغ دینے کے لیے ''آئرن مین فٹنس چیلنج'' کا انعقاد کیا۔ تقریب کے دوران والی بال ٹورنامنٹ، رسہ کشی اور دوڑ کے مقابلے منعقد کیے گئے، جن میں زون سنگھ پورہ کے مختلف اسکولوں کے طلبہ کے علاوہ ملحقہ دیہات کی شہری آبادی سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں نے بھی پرجوش انداز میں شرکت کی۔ مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے فاتحین اور شرکاء میں ٹرافیاں، اسپورٹس کٹس، شرکت کے سرٹیفکیٹس اور ریفریشمنٹ تقسیم کی گئی۔ اس کے علاوہ طلبہ میں جنرل نالج کی کتابیں بھی تقسیم کی گئیں، جبکہ شریک اسکولوں کو ان کی باقاعدہ کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے اسپورٹس کٹس فراہم کی گئیں۔ طلبہ سے بات چیت کرتے ہوئے ۲۰ ویں بٹالین کے کمانڈنٹ سربراہ نے انہیں سخت محنت کرنے اور تعلیمی میدان میں بہترین کارکردگی حاصل کرنے کی ترغیب دی۔

یوٹی سطح کے اے جی بوائز رگبی مقابلے شروع

کٹھوعہ، ۶ اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: کٹھوعہ کے انڈور اسٹیڈیم میں منگل کو لڑکوں اور لڑکیوں کے تمام عمر کے گروپوں کے لیے تین ضلعی ڈویژن سطح کے سالانہ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا آغاز ہوا۔ یہ ڈویژن سطح کا کھیلوں کا مقابلہ محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس، کٹھوعہ کی جانب سے منعقد کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کٹھوعہ راجیش شرما افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، جنہوں نے باضابطہ طور پر ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر چیف پلاننگ آفیسر رنجیت ٹھاکر، ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر سنیل کمار اور محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کے دیگر افسران و اہلکار بھی موجود تھے۔ شرکت کرنے والے کھلاڑیوں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر راجیش شرما نے انہیں کھیل کے حقیقی جذبے، نظم و ضبط اور لگن کو برقرار رکھنے اور بہترین کارکردگی کے لیے مسلسل کوشش کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ دستیاب مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، سخت محنت کریں اور میدان کے اندر اور باہر مثبت رویہ برقرار رکھیں۔ ڈپٹی کمشنر نے نوجوانوں میں نظم و ضبط، خود اعتمادی، ٹیم ورک اور صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینے میں کھیلوں کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے شرکاء پر زور دیا کہ وہ کھیلوں کے میدان میں اپنی کوششوں کے لیے مستقل مزاجی اور عزم کا مظاہرہ کریں اور ایک صحت مند، نظم و ضبط کی پابندی کرنے والے اور منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس سے قبل ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر نے مہمان خصوصی اور دیگر مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہونے والے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" نے کھیلوں سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیوں کی تصاویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس پر اپنی تحریری خبر بھیج کر اپنی تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں۔

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی اور ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوگا۔

(۲) سپورٹس پیج کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہیں وہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور کھیل کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلطی کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے اس کو جانچ لیا کریں۔ (ادارہ)

مکمل پتہ: ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر-190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں 0194-2456781

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781